آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 21 اکتوبر 2020ء بمطابق 03 ربیع الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 285

بی ڈی ایم کے پاس بلوچستان کیلئے کوئی پیکیج یا کوئی پالیسی نہیں ہے

ترجمان حکومت بلوچستان

مولانا فضل الرحمان اپنا غصہ اتارنے کیلئے ڈی آئی خان جانے کے بجائے کوئٹہ آرہے ہیں۔ جام حکومت نے کوئٹہ سمیت بلوچستان میں ترقیاتی کام کا جال بچھا دیا ہے قومی شاہراہ کوئٹہ کراچی کو دورویہ کرانے جارہے ہیں کیا اپوزیشن کو یہ ہضم نہیں ہورہا ہے

پنجاب میں ن لیگ کو جگہ نہیں مل رہا ہے جبکہ پی پی کو سندھ میں پذیرائی نہیں مل رہی تھی۔ پی ڈی ایم کو لگتا تھا کہ پہلا جلسہ کوئٹہ میں کامیاب ہوگا۔ گوجرانوالہ جلسہ پی ڈی ایم کا ناکام جلسہ تھا پی ڈی ایم کے رہنماں نے کہا کہ کوئٹہ جلسے میں بھی نواز شریف خطاب کریگے

نواز شریف نے بلوچستان میں سردار اختر جان مینگل کا حکومت ختم کیا اور بلوچستان ہی میں ڈاکٹر مالک بلوچ کو بنا کر نواز شریف نے ڈھائی سال بعد اپنے جماعت کا وزیر اعلیٰ بنایا اس پر وہ بلوچستان کی عوام سے معافی مانگے ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ بی ڈی ایم کے پاس بلوچستان کیلئے کوئی پیکج یا کوئی پالیسی نہیں، نواز شریف نے بلوچستان میں سردار اختر جان مینگل کا حکومت ختم کیا اور بلوچستان ہی میں ڈاکٹر مالک بلوچ کو بنا کر نواز شریف نے ڈھائی سال بعد اپنے جماعت کا وزیر اعلیٰ بنایا اس پر وہ بلوچستان کی عوام سے معافی مانگے۔ مولانا فضل الرحمان اپنا غصہ اتارنے کیلئے ڈی آئی خان جانے کے بجائے کوئٹہ آرہے ہیں۔ جام حکومت نے کوئٹہ سمیت بلوچستان میں ترقیاتی کام کا جال بچھا دیا ہے قومی شاہراہ کوئٹہ کراچی کو دورویہ کرانے جارہے ہیں کیا اپوزیشن کو

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15
اہل تشیع: فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

لاہور: وزیر اعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسپیکر نے وزراء کی عدم موجودگی پر احتجاجاً اجلاس ملتوی کردیا

بلوچستان اسمبلی اجلاس

اجلاس ملتوی ہونے کے باعث بی این پی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کے بلوچ قوم اور افواج پاکستان سے متعلق بیان اور سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کے گوجرانوالہ میں ویڈیو کال کے ذریعے خطاب کے خلاف مذمتی قراردادیں پیش نہیں ہوسکیں

اجلاس میں ارکان اسمبلی اہم نوعیت کے مختلف سوالات دریافت کرتے ہیں لیکن یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ اکثر و بیشتر وزراء ایوان میں نہیں ہوتے جس کی وجہ سے سوالات موخر کئے جاتے ہیں یہ ایوان کا استحقاق مجروح کرنے کے مترادف ہے

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے اسمبلی میں وزراء کی عدم موجودگی پر احتجاجاً اسمبلی کا اجلاس ملتوی کردیا اگر وزراء ایوان میں نہیں آتے تو میں اسکے خلاف احتجاجاً اجلاس سے واک آؤٹ کرتا ہوں، اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے اسمبلی میں وزراء کی عدم موجودگی پر احتجاجاً اسمبلی کا اجلاس ملتوی کردیا جس کی وجہ سے بی این پی کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل کے بلوچ قوم اور افواج پاکستان سے متعلق بیان اور سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کے گوجرانوالہ میں ویڈیو کال کے ذریعے خطاب کے خلاف مذمتی قراردادیں پیش نہیں ہوسکیں۔ مینگل کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈیڑھ گھنٹہ کی تاخیر سے اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت شروع ہوا اجلاس میں وقفہ سوالات شروع ہوا تو رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے نے محکمہ داخلہ سے متعلق اپنا سوال دریافت کیا تاہم وزیر داخلہ کی عدم موجودگی پر نصر اللہ زیرے نے کہا کہ وزیر داخلہ اجلاس میں موجود نہیں ہیں اسی طرح صوبائی وزیر زراعت، بلدیات بھی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی سے (UNWFP) کے کنٹری ڈائریکٹر Mr.Christopher ملاقات کررہے ہیں

عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کوتاہی برداشت نہیں کرونگا، وزیر اعظم

ذخیرہ اندوزوں، ناجائز منافع خوروں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائے، اشیاء کی وافر مقدار میں فراہمی اور مقنور شدہ قیمتوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے

مرکز کو فوری رپورٹ کیا جائے، تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں، مکمل شفافیت سے کام کیا جائے، اپنی زیر صدارت اجلاس میں گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ عوام کو مہنگائی کی وجہ سے تکلیف مجھے سب سے زیادہ محسوس ہوتی ہے، عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کروں گا، ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے، عوام کو اشیائے ضروریہ کی وافر مقدار میں فراہمی اور مقنور شدہ قیمتوں پر دستیابی یقینی بنائی جائے، راولپنڈی اربن ڈویلپمنٹ پراجیکٹ سے نہ صرف زرمبادلہ حاصل ہوگا بلکہ وسیع پیمانے پر روزگار کے مواقع بھی پیدا

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

تحریک انصاف بھی مزار قائد پر ہلڑ بازی کرتی رہی، اس وقت نوٹس نہیں لیا گیا، فضل الرحمان

آئین اور قانون کے دائرے میں تحریک آگے بڑھائیں گے، سرپراہ پی ڈی ایم کی میڈیا سے گفتگو

حیدر آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اداروں اور اعلیٰ شخصیات کا نام لینے کی نوبت نہیں آنی چاہیے تھی، ہمیں افسوس ہے کہ ہم کیوں اداروں کا نام لے رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومت کی اولین ترجیح پسماندہ علاقوں کی ترقی و خوشحالی ہے، میر نور محمد

اپوزیشن جہاں دل چاہے احتجاج کرے یا جلسے کرے حکومت اپنی آئینی مدت پوری کریگی، صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، دواساحاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ایک درجن اپوزیشن جماعتوں کا گجرانوالہ اور کراچی کی طرح کوئٹہ کا جلسہ بھی بھری طرح ناکام ہوگا اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے ابھی سے بیروزگار

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

امریکا افغانستان سے صرف تابوت لے جاتا رہا، وہ کوئی ہدف حاصل نہیں کرسکا، گلبدین حکمت یار

افغان حکومت کی کشتی میں سوراخ ہوچکے ہیں اسے ڈوبنا ہی ہے، صدر مملکت عارف علوی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) افغانستان کے سابق وزیر اعظم گلبدین حکمت یار نے کہا ہے کہ امریکا افغانستان میں کوئی ہدف حاصل نہیں کرسکا اور ان کی اپنی مسلط کردہ کابل حکومت اسے ڈبونے کا موجب بنی جب کہ افغان حکومت کو اب بچانا مشکل ہے۔ صدر پاکستان

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

نیشنل سکل یونیورسٹی تکنیکی تعلیم کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے، صدر مملکت عارف علوی

مارکیٹ کی طلب کو مدنظر رکھ کر ہنرمند افرادی قوت تیار کی جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ مارکیٹ کی طلب کو مدنظر رکھ کر ہنرمند افرادی قوت تیار کی جائے۔ منگل کو صدر ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت نیشنل اسکلز یونیورسٹی کی سینیٹ کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

گندم اور چینی کا اسٹاک ہونے کے باوجود قیمتیں کم کیوں نہیں ہوئیں؟ وزیر اعظم برہم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے وفاقی وزراء کو مہنگائی کے خاتمے کو ہی اپنا مشن بنانے کی ہدایت کی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیر اعظم کی زیر صدارت ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں مہنگائی پر کھل کر بحث کی گئی۔ ذرائع کے مطابق وزراء کی اکثریت نے اشیائے ضروریہ مہنگی ہونے پر تحفظات اور

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی ٹیلیفون پر آذربائیجان کے وزیر خارجہ سے گفتگو کررہے ہیں

بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے بولان میں ٹریفک حادثے میں 2 افراد جاں بحق

بولان (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے بولان میں ٹریفک حادثے میں 2 افراد جاں بحق

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ جلسے سے خطاب کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کوئٹہ جلسے سے خطاب کریں

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

وندر کے قریب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے

حب (آن لائن) وندر کے قریب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے مرنے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان تھرمل پاور اسٹیشن کی نجکاری کیخلاف پیپلز پارٹی کا احتجاج

25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کے عظیم الشان جلسہ عام میں کوئٹہ بلوچستان کے عوام اپنی شرکت کو یقینی بنائیں، بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ٹیپرا نے پاور سیکٹر کی سٹیٹ آف انڈسٹری رپورٹ 2020 جاری کردی، موجودہ نظام نقائص سے بھرپور قرار

اسلام آباد (این این آئی) ٹیپرا نے پاور سیکٹر کی سٹیٹ آف انڈسٹری رپورٹ 2020 جاری کردی جس میں ٹیپرا نے بجلی کے موجودہ نظام کو نقائص سے بھرپور قرار دے دیا۔ رپورٹ میں بجلی کمپنیوں کی وصولیوں میں کمی، مہنگی بجلی پیدا ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ٹیپرا نے کہا کہ مالی سال 2019۔20 میں وصولیوں کی شرح میں 48.1

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں 25 اکتوبر کو ہونیوالے جلسہ عام کی تیاریاں عروج پر

بلوچستان کے عوام کا جلسہ عام میں بھرپور شرکت کا عزم، بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق وزیر داخلہ میر حاصل بزنجو نے کہا ہے کہ 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کے جلسہ عام میں بلوچستان کے عوام کی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں گے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے اضلاع میں 2 ہزار 500 سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے اضلاع میں 2 ہزار 500 سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بند کردی گئیں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع کیچ میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

تربت (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کیچ میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع کیچ میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

تربت (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کیچ میں ٹریفک حادثہ، 2 افراد جاں بحق

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

ملک بھر سے اہم خبریں

سینیٹ میں اپوزیشن کا جزائر سے متعلق آرڈیننس کے اجراء کے خلاف واک آؤٹ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن نے جزائر سے متعلق آرڈیننس کے اجراء کے خلاف واک

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان کے ہمراہ وفاقی وزراء اور دیگر بھی لاہور پہنچے

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے ہمراہ وفاقی وزراء اور دیگر بھی لاہور پہنچے۔ وفاقی وزراء اشیلی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کا بلاول بھٹو زرداری کو ٹیلیفون، کراچی واقعہ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو آرمی چیف جنرل قمر جاوید

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

شہباز شریف کا جیل میں میڈیکل مکمل، کرونا ٹیسٹ بھی لیا گیا، بی کلاس میں رکھا جائیگا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف کا جیل میں میڈیکل

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

نیب بلوچستان نے نور محمد لہڑی کے 25 کروڑ روپے کے غیر قانونی اثاثوں کا سراغ لگا لیا گیا

نیب بلوچستان نے محکمہ تعمیرات و مواصلات بلوچستان کے سپرنٹنڈنٹ انجینئر کے 25 کروڑ روپے کے غیر قانونی اثاثوں کا سراغ لگا لیا گیا

غیر قانونی اثاثہ جات میں کوئٹہ میں چھ فلیٹ اور کراچی ڈی ایچ اے اور کوئٹہ میں کروڑوں روپے مالیت کے دو بنگلے شامل ہیں، ریفرنس احتساب عدالت میں دائر

کوئٹہ (این این آئی) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے کروڑوں روپے کے غیر قانونی اثاثہ جات کیس کی تحقیقات مکمل کرکے سپرنٹنڈنٹ انجینئر سی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ نور محمد لہڑی اور بے نامی دار ملک نوید کاسی کے خلاف ریفرنس احتساب عدالت میں جمع کرادیا ہے۔ تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ ملزم نے دوران سروس کوئٹہ اور کراچی میں 25 کروڑ روپے سے زائد کے ناجائز اثاثے بنائے، غیر قانونی اثاثہ جات میں کوئٹہ میں چھ فلیٹ اور ایک عالی شان بنگلہ، ڈی ایچ اے کراچی میں کروڑوں روپے مالیت کا ایک محل نما بنگلہ بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں چیک اکاؤنٹس کی چھان

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان کیلئے مختص کوٹہ پر مقامی افراد کی تعیناتی سے بیروزگاری ختم ہوسکتی ہے

گورنر بلوچستان

وفاقی محکموں میں بلوچستان کوٹے پر تعیناتیاں مستوجب سے تعلق رکھنے والے 744 ملازمین کے لوکل ڈومیسائل سندوں کا تصدیق عمل (ویریفکیشن پراسیس) مکمل کرکے حتمی نوٹیفکیشن جاری کردیا

جعلی ڈومیسائل پر بھرتی ملازمین کو فوری طور پر برطرف کرنے اور صوبے کے تمام اضلاع میں مزید جعلی ڈومیسائل کے اجراء کا سلسلہ روکنے کے مسئلہ کو نہایت سنجیدہ لیا ہے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ محکموں میں بلوچستان کے کوٹے پر بلوچستان ہی کے مقامی افراد کو تعینات کرنے سے صوبے میں بیروزگاری پر کافی حد تک قابو پایا جاسکتا ہے۔ گورنر یاسین زئی نے جعلی ڈومیسائل کی ازسرنو تصدیق کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب اچکزئی کی شاندار کارکردگی کو لائق تحسین قرار دیا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب احمد اچکزئی سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہم نے روزاول سے وفاق میں بلوچستان کیلئے مختص کوٹہ پر بلوچستان ہی کے مقامی افراد کی تعیناتی کو یقینی بنانے، جعلی ڈومیسائل پر بھرتی ملازمین کو فوری طور پر برطرف کرنے اور صوبے کے تمام اضلاع میں مزید جعلی ڈومیسائل کے اجراء کا سلسلہ روکنے کے مسئلہ کو نہایت سنجیدہ لیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب احمد اچکزئی نے گورنر کو بتایا کہ وفاقی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کس نے رات 2 بجے آئی جی سندھ کے گھر کا گھیراؤ کیا اور انہیں ساتھ لے گئے، بلاول بھٹو

گورنر راج نہیں ہوسکتا، سندھ اسمبلی سے منظور کرائیں تو گورنر راج کا شوق بھی پورا کرلیں، میڈیا سے بات چیت

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ایس ایچ او سے لیکر آئی جی کی سطح کے افسران تک سوال کررہے ہیں کہ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے رات 2 بجے کے بعد ہمارے آئی جی کے گھر کے باہر گھیراؤ کیا تھا۔ کراچی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ افسران سوال پوچھ رہے ہیں کہ وہ 2 لوگ کون تھے جو آئی جی سندھ کے گھر میں داخل ہوئے اور صبح 4 بجے کہاں لے کر گئے تھے۔ علاوہ ازیں چیئرمین پی پی نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ اور انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) کے ڈائریکٹر جنرل

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

روز ویلٹ ہوٹل کی جگہ 100 منزلہ عمارت بنانے کا ارادہ ہے، سی ای او پی آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) قومی ایئر لائن کے سی ای او نے کہا ہے کہ روز ویلٹ ہوٹل کو گرا کر 100 منزلہ عمارت بنانے کا ارادہ ہے۔ پی آئی اے کے سی ای او نے اپنے ایک بیان میں بتایا کہ روز ویلٹ سے متعلق لیگل کیشن کو فنانشل ایڈوائزر مقرر کرنے کا اختیار دیا گیا، روز ویلٹ ہوٹل کی عمارت خدوش ہوچکی ہے۔ نجی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

اپوزیشن اسمبلی میں ضرور احتجاج کرے، آپ اسمبلی کو غیر فعال بنادینگے تو کیا نظام مضبوط ہوگا یا کمزور ہوگا، شاہ محمود قریشی

ان کے اکثر لوگ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ریاست مخالف بیانیہ سے ملک کی خدمت نہیں ہورہی، احتیاط رہے

یہ سیٹیاں بجانے کیلئے منتخب ہوئے ہیں اور یہ انشاء اللہ اگلے تین سال سیٹیاں ہی بجاتے رہیں گے، وزیر خارجہ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ اپوزیشن اسمبلی میں ضرور احتجاج کرے، آپ اسمبلی کو غیر فعال بنادینگے تو کیا نظام مضبوط ہوگا یا کمزور ہوگا، ان کے اکثر لوگ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ریاست مخالف بیانیہ سے ملک کی خدمت نہیں ہورہی، احتیاط رہے، یہ سیٹیاں بجانے کیلئے منتخب ہوئے ہیں اور یہ انشاء اللہ اگلے تین سال سیٹیاں ہی بجاتے رہیں گے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ سیاست

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حکومت کی نااہلی سے محکمہ تعلیم کا شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے، اپوزیشن جماعتیں

بلوچستان کی عوام بھوک کاٹ کر اور قرضے لیکر اپنے بچوں کو تعلیم دلاتے ہیں لیکن صوبائی حکومت سی ٹی ایس پی کے آرڈرز میں لیت و لعل سے کام لے رہی ہے

حکومت کی نااہلی سے محکمہ تعلیم کا شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے، اپوزیشن سی ٹی ایس پی اساتذہ کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتی ہے، حزب اختلاف

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن جماعتوں نے سی ٹی ایس پی شارٹ لسٹ اساتذہ کو آرڈرز کی عدم فراہمی حکومت بلوچستان کی نااہلی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کی عوام بھوک کاٹ کر اور قرضے لیکر اپنے بچوں کو تعلیم دلاتے ہیں لیکن صوبائی حکومت سی ٹی ایس پی کے آرڈرز میں لیت و لعل سے کام لے رہی ہے، حکومت کی نااہلی سے محکمہ تعلیم کا شعبہ تباہی کے دہانے پر ہے، اپوزیشن سی ٹی ایس پی اساتذہ کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے رہنماء و قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے نصر اللہ زیرے، احمد نواز بلوچ، یونس عزیز زہری، خلیلہ نوید دہوار، زینت شاہوانی، نائمس جانسن

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

مریم نواز نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا فرمان ٹویٹ کردیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا فرمان ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ پاکستان کے وقار اور عظمت کو بلند کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کسی دباؤ کا شکار نہیں ہونا چاہئے بلکہ عوام اور ریاست کے خادم کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

جی ڈی اے کو آئی لینڈ اتھارٹی کے قیام کے لئے صدارتی آرڈیننس پر تحفظات ہیں، قرارداد سندھ اسمبلی میں جمع کرادی گئی

کراچی (این این آئی) جی ڈی اے ارکان نے سمندری جزائر کی حوالگی کے خلاف قرارداد سندھ اسمبلی میں جمع کرادی قرارداد رکن اسمبلی نصرت سحر عباسی، رزاق راہموں، عارف جتوئی اور رفیق باکھن نے جمع کرائی قرارداد میں کہا گیا ہے کہ جی ڈی اے کو آئی لینڈ اتھارٹی کے قیام کے لئے صدارتی آرڈیننس پر تحفظات

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی ناکامی عمران خان سے زیادہ ملک کی ضرورت ہے، فواد چوہدری

حکومت میں ہزار خامیاں ہوں، کیا ملک شریف خاندان، آصف زرداری یا ان کے بچوں کے حوالے کرسکتے ہیں؟ وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی ناکامی عمران خان سے زیادہ ملک کی ضرورت ہے۔ اپنی ٹوئٹ میں فواد چوہدری نے کہا کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ حکومت میں انتظامی بہتری کی گنجائش ہے، اس میں بھی شبہ نہیں لوگوں کی امیدوں کے لئے بڑے فیصلے ضروری ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت میں ہزار خامیاں ہوں لیکن کیا یہ ملک شریف خاندان، آصف زرداری یا ان کے بچوں کے حوالے کرسکتے ہیں؟ کیا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر ملک نعیم خان بازئی اور حاجی محمد خان لہڑی سے ارکین صوبائی اسمبلی اجلاس کے اختتام پر بات چیت کررہے ہیں

ملک و قوم کے مسائل کا حل ملک میں شاندار اسلامی انقلاب میں ہے، سینیٹر سراج الحق

عوام فاقہ کشی اور عکران مستی سے زندگی گزار رہے ہیں، حکومت مہنگائی کے کوڑے عوام کے سروں پر برسا رہی ہے اور ساتھ نمرہ لگاتی ہے کہ گھبرانا نہیں

۷۲ سال سے عوام کا خون چوسا جارہا ہے، وزیر اعظم عوام کی زندگی کا سکون چھین کر کہتے ہیں، سکون قبر میں ملے گا، امیر جماعت اسلامی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ عوام فاقہ کشی اور عکران مستی سے زندگی گزار رہے ہیں، حکومت مہنگائی کے کوڑے عوام کے سروں پر برسا رہی ہے اور ساتھ نمرہ لگاتی ہے کہ گھبرانا نہیں۔ دو سال سے عوام کا خون چوسا جارہا ہے۔ مہنگائی کی وجہ سے لوگوں کے چولہے بجھ گئے ہیں۔ وزیر اعظم عوام کی زندگی کا سکون چھین کر کہتے ہیں، سکون قبر میں ملے گا۔ حکومت کو ووٹ اور سپورٹ دینے والے پشیمان ہیں۔ جماعت اسلامی عوام کی سیاست

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

گورنر سندھ کا دورہ اسلام آباد معمول کے مطابق ہے، شہباز گل

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے کہا ہے کہ گورنر سندھ کا دورہ اسلام آباد معمول کے مطابق ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق گورنر سندھ عمران اسماعیل ملتے میں ایک مرتبہ اسلام آباد کا دورہ کرتے ہیں۔ وزیر اعظم کے معاون خصوصی شہباز گل نے واضح طور پر کہا کہ گورنر سندھ کے دورے کو متنازعہ نہ بنایا جائے۔

سندھ پولیس نے دھونس اور جبر کے سامنے جھک جانے سے انکار کیا، مریم نواز

عوام خوف کی زنجیریں توڑ رہے ہیں یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، نائب صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ سندھ پولیس نے دھونس اور جبر کے سامنے جھک جانے سے انکار کیا، شاباش سندھ پولیس ہمیں آپ پر فخر ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں مریم نواز نے کہا کہ عوام خوف کی زنجیریں توڑ رہے ہیں یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، لوگوں کا آئین کی بالادستی کے لیے کھڑا ہونا خوش آئند ہے۔ انہوں نے لکھا کہ اپنے گمشدہ حقوق کو واپس لینے کی عوام کی کوشش قابل تحسین ہے، سازش اور سازشی عناصر بری طرح بے نقاب ہوگئے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

شمالی وزیرستان کے علاقے میرعلی میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد ہلاک

شمالی وزیرستان (این این آئی) شمالی وزیرستان کے علاقے میرعلی میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر میرعلی میں کارروائی کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

چند سیاسی بہروپیوں کا واحد مقصد اپنے ادوار میں کی گئی بے تحاشا کرپشن پر پردہ ڈالنا ہے، سینیٹر شبلی فراز

یہ جان لیں عمران خان کسی دباؤ میں نہیں آئے گا، ان سے ایک ایک پائی کا حساب لیا جائیگا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ چند سیاسی بہروپیوں کا واحد مقصد اپنے ادوار میں کی گئی بے تحاشا کرپشن پر پردہ ڈالنا ہے۔ منگل کو وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ چند روز سے سیاسی بہروپیوں نے ایک ڈرامہ رچا رکھا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جس کا واحد مقصد اپنے ادوار میں کی گئی بے تحاشا کرپشن پر پردہ ڈالنا ہے۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ یہ لوگ قومی مجرم ہیں انہوں نے قومی خزانے پر ڈاکہ ڈالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کراچی میں مسافر بس کے قریب بم دھماکے سے متعدد افراد زخمی

دھماکے خیز مواد میں بال بیرنگ اور دیگر لوہے کی چیزیں ڈالی ہوئی تھیں جسے سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، ایس ایس پی جنوبی

کراچی (این این آئی) شیریں جناح کالونی میں بم دھماکے سے متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے شیریں جناح کالونی میں 20 نمبر بس کے آخری اسٹاپ کے قریب دھماکا ہوگیا، جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق بس ٹرمینل کے گیٹ پر دھماکا خیز مواد موجود تھا، پاس سے گزرنے والی بس دھماکے کی زد میں آئی جس سے 4 لوگ زخمی ہوئے۔ ادھر بم ڈسپوزل سکواڈ ن

www.dailyshal.com

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

21 اکتوبر 2020ء

2019 میں ایک کھرب 66 ارب روپے سے زائد کی ٹیکس چوری کا انکشاف

سال 19-2018 کے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے اکاؤنٹس کی آڈٹ رپورٹ میں آڈیٹر جنرل پاکستان (اے جی پی) نے ٹیکس وصولیوں میں ایک کھرب 66 ارب ساڑھے 5 کروڑ روپے کے تضاد سے پردہ اٹھایا ہے اور اس تضاد کو رپورٹ میں ''چوری'' کہا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آڈیٹر جنرل نے ایک ایسا سسٹم تشکیل دینے کی تجویز دی ہے جو سیلز ٹیکس ریٹرنز کے ڈیٹا کے ساتھ ساتھ انکم ٹیکس ریٹرنز میں فراہم کردہ ڈیٹا میں موجود تضادات کی نشاندہی کرے اور ڈیوٹی، ٹیکس کی وصولی کے علاوہ داخلی کنٹرول کو مستحکم کرنے کے لیے قانونی دفعات کی درخواست کرے۔ رپورٹ میں ان پٹ ٹیکس کے ناقابل قبول دعوؤں کو روکنے اور اس کے سافٹ ویئر سسٹم کو دیگر محکموں کے ساتھ منسلک کرنے کیلئے سسٹم میں توثیق کی آن لائن نگرانی متعارف کروانے کی تجویز بھی دی گئی تاکہ غیر واضح سرمایہ کاری کی شناخت کی جاسکے۔ آڈٹ رپورٹ میں قابل ٹیکس سپلائیز اور سروسز کے 199 کیسز میں ایک ارب 66 کروڑ 47 لاکھ روپے ٹیکس کی عدم وصولی کا انکشاف کیا گیا اس کے علاوہ سیلز ٹیکس ریٹرنز اور انکم ٹیکس ریٹرنز میں ظاہر کردہ سیلز ٹیکس میں تضاد کی وجہ سے 77 کیسز میں سیلز ٹیکس کی مد میں 5 ارب 70 کروڑ 60 لاکھ روپے کے کمی سامنے آئی۔ رپورٹ کے مطابق ایف بی آر 188 کیسز میں حکومت کا مقرر کردہ 5 ارب 28 کروڑ 60 لاکھ روپے کا ریونیو وصول کرنے میں ناکام رہا۔ اس کے علاوہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ٹیکس ڈیپارٹمنٹ نے قانونی شرائط پوری کیے بغیر 255 کیسز میں ناقابل قبول ان پٹ ٹیکس کی ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دی جس سے 5 ارب 65 کروڑ 50 لاکھ روپے کا نقصان ہوا۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ 536 کیسز میں 8 ارب 96 کروڑ 40 لاکھ روپے کے ٹیکس کریڈٹ کی غلط ایڈجسٹمنٹ کی گئی اور 447 کیسز میں 7 ارب 16 کروڑ 20 لاکھ روپے کا کم از کم ٹیکس عائد نہیں کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 1080 کیسز میں قبضے میں لی گئی اشیا کے عدم تصرف کی وجہ سے 3 ارب 29 کروڑ روپے کی آمدن پھنس گئی اور 6 ہزار 874 کیسز میں 2 ارب 56 کروڑ 3 لاکھ روپے کے ویلیو ایڈیشن ٹیکس کا ادراک نہیں کیا۔ اس کے علاوہ 3 ہزار 54 کیسز میں درآمدی اشیا کی غلط کلاسیفکیشن کی وجہ سے 89 کروڑ 63 لاکھ 20 ہزار روپے کے ریونیو کا مکمل ادراک نہیں کیا گیا۔

دھوپ چھاؤں کا تعزیت نامہ (3)

شاہد ملک

کیا کسی بچے کا اچھا حافظہ لفظوں کی کمزور پہچان کا مداوا کرسکتا ہے؟ جواب حاصل کرنے کے لئے کسی ماہر نفسیات سے رجوع کیا جائے تو وہ انسانی یادداشت کو آواز اور تصویر کے الگ الگ خانوں میں بانٹنے کی کوشش کرے گا۔ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ بعض لوگوں کو کانوں سُنی باتیں اچھی طرح یاد رہتی ہیں جبکہ دوسروں کو آنکھوں دیکھی۔ اس کی روشنی میں اردو کی دوسری کتاب کو معیار بناؤں تو میرے ابتدائی زمرے کا تعین ایک عجیب بارڈر لائن کیس بن جائے گا۔ اتنا یاد ہے کہ کہانیاں اور اُن سے زیادہ روانی کے ساتھ نظمیں خود بخود یاد ہو جاتی تھیں۔ جیسے 'تاروں کی بارات میں نکلا، چاند سہانی رات میں نکلا' 'آؤ آؤ کھیل جمائیں، گیت اسی کی حمد کے گائیں' یا 'وہ دیکھو ہوائی جہاز آرہا ہے' جس میں میرے دوست عارف وقار یہ تصحیح کرنے پہ مصر ہیں کہ 'وہ دیکھو ہوائی جہاز آگیا ہے'۔

شاعری کے یاد رہ جانے ایک بڑی وجہ بحروں کے اوزان یا گیتوں کا ترنم ہے۔ مگر وہ جو احمد ندیم قاسمی کہہ گئے ہیں کہ 'رگِ جاں کا کوئی رشتہ ہے رگِ ساز کے ساتھ'۔ میری طبیعت کا ترنم تو پھوپھو ممتاز کے اسکول میں صبوحی نہ اسمبلی نے سیٹ کیا۔ پہلے دو ترانے کیا کہتے 'پاک وطن، شاداب چمن، اے پیارے پاکستان'۔ پھر سارا اسکول آواز ملاتا: 'اونچی تیری شان، پیارے پاکستان'۔ گائیکی کے لحاظ سے پہلی لائن کی خوبی یہ تھی کہ اس میں ہندی بحروں کی طرح ماترائیں آسانی سے گنی جاسکتی تھیں۔ یہی نہیں بلکہ اُن کے بیچ 'پاک وطن، شاداب چمن' میں پہلے دو الفاظ کا جزم پہ خاتمہ اور اس کے باوجود ساکن حرف علت یا آدھے الف کی پنجابی آواز، پھر 'وطن' اور 'چمن' دونوں میں تواتر کے ساتھ ایک کے بعد دوسری زبر۔ استھائی دہرا کر انترا نئے سرے سے پھر دونو عمر آوازوں سے شروع ہوتا:

سورج سے بھی چمکیلی ہے تیرے پہاڑوں کی پیشانی
چاندی کرنوں سے اُجلا ہے تیرے دریاؤں کا پانی

دو مصرعے پورے ہوتے ہی سارے اسکول کا مترنم شور گونجا جس میں استانیاں اور تمام طالبات ہم آواز ہو کر جوش سے کہتیں:

جنت کو شرمائیں تیرے ہرے بھرے میدان
پیارے پاکستان، اونچی تیری شان۔۔۔
اونچی تیری شان، پیارے پاکستان

اپنے عام فہم اسلوب، سیدھی سادی دھُن اور بطور کورس انتہا درجہ کی موزونیت کے لحاظ سے میں نے زندگی بھر اس سے زیادہ وجد آور قومی نغمہ کبھی نہیں سنا۔ اب ہوتا تو یہ چاہیے تھا کہ پھوپھو مرحومہ کے اسکول میں یہ روح پرور گیت اور اُس سے وابستہ وطن کی اپنائیت کا احساس مجھے گائیکی کے راستے پر آگے لے جاتا۔ لیکن نہیں، اس دوران دو واقعات اور ہوئے۔ ایک تو موسیقی کمیٹی کے اسکول میں تین ماہ کے اندر تیسری میں بٹھائے جانے کے روشن امکان پر پھوپھو کی کلاس میں میری دلچسپی کچھ کم ہو گئی تھی۔ دوسرے جمعہ کے دن شہر سیالکوٹ کی پاڑاں والی خانقاہ میں مفتی حبیب احمد کا وعظ سُن سُن کر (اُس وقت تک عام لوگ جمعہ کے خطاب کو وعظ ہی کہتے تھے) تحت الشعور میں یہ احساس بھی جاگا ہوگا کہ 'پاک وطن، شاداب چمن' کی طرح مفتی صاحب کی تقریر بھی سُر تال سے عاری نہیں۔

چنانچہ ایک شام جب میں گھر میں مفتی حبیب کی نقل اتار رہا تھا، رشتہ کے ایک چچا یہ کہہ کر مذکورہ مسجد میں لے گئے کہ چلو، مائیکرفون کے سامنے کھڑے ہو کر تقریر کرو۔ چونکہ لفظوں کی پوری پہچان نہ رکھنے والے لڑکے کو اردو کی دوسری کتاب ازبر تھی، اس لئے پہلا ہی مضمون 'ہمارے پیارے نبی (صلعم)' ذرا ذرا وقفہ دے کر زبانی سنا دیا۔ وقفہ اس لئے کہ مفتی صاحب کا انداز یہی تھا۔ البتہ اُن کے برعکس مجھے گھیر بدل بدل کر بولنے کی مشق نہیں تھی۔ خیر، محلہ میں دھوم مچ گئی کہ شاہد نے تقریر کی ہے۔ اگلے روز پھوپھو کے اسکول میں سالانہ جلسہ تھا۔ کارروائی کے دوران اچانک میرا نام بھی پکارا گیا۔ میں نے مسجد والا مضمون پھر سنا دیا۔ یہاں مقرر کے سامنے سامعین بھی تھے، جنہوں نے خوب داد دی۔ پھوپھو کی خوشی دیدنی تھی۔ بس یہیں گزر بسر ہوئی۔

گزر بسر اس لئے کہ تقریریں ختم ہوتے ہی تقسیم انعامات کا مرحلہ آگیا۔ انعام کی کتابیں کریپ پیپر یا گتے کی ڈبی کاغذ میں بندھے ہوئی تھیں۔ ہماری تربیت ایسی کہ کسی کی چیز کو دیکھ کر اُسے حاصل کرنے کی کوشش نہ کی جائے۔ یہاں تک کہ کسی ملنے والے کے یہاں امی یا پھوپھو کے اشارے کے بغیر کھانے پینے کی کسی چیز کو ہاتھ لگانے کا کوئی سوال نہیں تھا۔ اسی لئے ریلوے اسپتال سیالکوٹ کے ایک دفتر میں خالو معظم کے اصرار کے باوجود کریم رول کی پلیٹ چھوڑ دینے کا آج تک ملال ہے۔ لیکن جب انعام پانے والی لڑکیوں کو پولی تھین کے شفاف بیگوں میں اُون کے رنگا رنگ بنڈل تھمائے جانے لگے تو خیال ہے کہ میرا دل بہت لٹپایا ہوگا۔ اے بی سی، پاکول اور او کے۔۔۔ یہ ہیں اُس دور کی اُون کے مشہور برانڈ، مگر اصل دلکشی کا سامان اُن کے پیارے پیارے سبز، پیازی اور نیلگوں شیڈ تھے جن سے نظریں نہ ہٹتیں۔

پھوپھو نے اُس وقت میرے چہرے پر بے بسی کے آثار ضرور دیکھے ہوں گے۔ اس لئے جب ہم جلسہ کی کارروائی ختم ہونے پر اسٹاف روم میں گئے تو انہوں نے میری طرف اشارہ کر کے کہا: "ویسے کیا تھا، اسے بھی تقریر کرنے پہ انعام دے دیتے"۔ جواب ملا کہ انعامات تو صرف اپنے اسکول کے بچوں کے لئے تھے۔ پھوپھو کے منہ سے نکلا: "میں صدقے جاؤں"۔ لہجہ میں ہلکا سا احتجاج ایک زخم خوردہ احساس برتری کے ساتھ جڑا ہوا تھا۔ ساتھ ہی پرس میں ہاتھ ڈالا اور دس روپے کا نوٹ نکال کر کھٹ سے میری جیب میں ڈال دیا۔ اب روایتی بزرگوں کی طرح کہوں گا کہ "دس روپے، اتنے اوس زمانے وچ"۔ گھر پہنچ تو امی نے پیسے واپس کر دیے۔ تاہم، خاندانی دیومالا میں اس کچی پکی کہانی کا مستقل اضافہ بھی ہو گیا کہ ہمارے لڑکے کو چھ سال کی عمر میں سیرت النبی پہ تقریر کرنے پر دس روپے انعام ملا تھا۔

(جاری ہے)

سوسنار کی ایک لوہار کی

بچپن میں بزرگوں سے سنا تھا کہ اگر جھگڑے کے فریقین میں سے ایک بھی عقلمند ہو تو دھماکہ بھی نہیں

جبار مفتی

ٹوٹتا لیکن اگر دونوں پاگل اور بیوقوف ہوں تو سنگل (لوہے کی بھاری زنجیر) بھی ٹوٹ جاتا ہے۔ وضاحت اس کی یہ کی جاتی تھی کہ عقلمند آدمی کی ترجیحات میں مقاصد کو اہمیت حاصل ہوتی ہے، غصے کو نہیں، وہ دھماکہ حاصل کرنے کی کوشش میں اس کے ٹوٹنے کا باعث نہیں بنے گا اور بہتر موقع کے انتظار میں اپنے ہاتھ سے چھوڑ دے گا۔ دھماکہ سلامت رہے گا اور پھر کسی اچھے وقت میں موقعہ دیکھ کر وہ اس کے حصول کی کامیاب کوشش بھی کرے گا اور اگر دھماکہ ہی ٹوٹ گیا تو کسی کے ہاتھ کچھ نہیں آئے گا۔ یہ بات حالیہ دنوں میں متحدہ اپوزیشن کے رہنماؤں اور حکومتی ٹیم کے کپتان کے فرمودات اور خیالات سننے پر یاد آئی۔ متحدہ اپوزیشن اپنی احتجاجی تحریک کے سلسلے کے پہلے دو جلسے کر چکی ہے، متعدد مزید کرنے ہیں۔ گوجرانوالہ اور کراچی کے جلسے اپنی حاضری اور شرکاء کے جوش وجذبے کے حوالے سے کامیاب ہی نہیں، بہت کامیاب رہے۔ پہلا جلسہ جمعہ 16 اکتوبر کو ایسی جگہ ہوا جو مسلم لیگ (ن) کا گڑھ ہے۔ گوجرانوالہ ضلع کی قومی اسمبلی کی سات کی سات اور صوبائی اسمبلی کی چودہ کی چودہ نشستیں مسلم لیگ (ن) کے پاس ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جاتی امرا سے مریم نواز، لاہور سے مولانا فضل الرحمن، لالہ موسیٰ سے بلاول بھٹو زرداری، فیصل آباد سے رانا ثناء اللہ اور سیالکوٹ سے خواجہ آصف کے جلوس ابھی گوجرانوالہ پہنچے ہی نہیں تھے کہ سٹیڈیم مقامی شرکاء نے ہی بھر دیا۔

اسی روز اسلام آباد میں قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد کیا گیا۔ یہ اجلاس شیڈول کے مطابق پیر 19 اکتوبر کو ہونا تھا مگر حکمرانوں نے جمعہ 16 اکتوبر کو طلب کر لیا تاکہ وزیر اعظم اس سے پرسکون ماحول میں خطاب کر سکیں۔ سوچا گیا کہ ایک تو اپوزیشن کے تمام ارکان قومی اسمبلی گوجرانوالہ جلسے میں ہوں گے تو وزیر اعظم کے خطاب میں کوئی بدمزگی یا ہنگامہ آرائی نہیں ہوگی۔ دوسرا وزیر اعظم کی تقریر تمام چینل براہ راست نشر کریں گے تو اپوزیشن کا جلسہ پس منظر میں چلا جائے گا مگر ہوا یہ کہ اپوزیشن نے بھی تیاری کر لی۔ ایک تہائی کے قریب اراکین کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں شرکت اور ضروری اقدامات کی ہدایت کر دی گئی۔ وہ لکھے ہوئے کتبے لے کر اجلاس میں پہنچ گئے، پھر جونہی وزیر اعظم اجلاس میں پہنچے، اپوزیشن ارکان نے ہنگامہ کر دیا۔

اتنی شدید نعرے بازی کی کہ وزیر اعظم کو تقریر کئے بغیر ہی ایوان سے جانا پڑا۔ اسی روز تیسرا واقعہ لندن میں میاں نواز شریف کے بیٹے حسن نواز کے کاروباری دفتر کے سامنے مظاہروں کا تھا۔ نواز شریف اسی دفتر سے ویڈیو لنک کے ذریعے اپنے پاکستانی سامعین و ناظرین سے خطاب کرتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے دوستوں نے اعلان کر دیا کہ جس وقت سابق وزیر اعظم گوجرانوالہ کے جلسے سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کریں گے، وہ اسی وقت اس عمارت کے سامنے نعرہ زن ہوں گے تاکہ پاکستان میں موجود سامعین کو میاں نواز شریف کی آواز کے ساتھ مخالفانہ نعروں کی آوازیں بھی سنائی دیں۔ پی ٹی آئی کا یہ اعلان سن کر مسلم لیگ (ن) والے بھی اپنے قائد کی مدد کے لئے پہنچ گئے۔ اب ایک کی بجائے دو مظاہرے شروع ہو گئے۔ عمارت کے ساتھ ساتھ مسلم لیگی کھڑے نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے حق میں نعرے لگا رہے تھے اور سڑک کی دوسری جانب پی ٹی آئی والے کھڑے مخالفانہ نعرے لگا رہے تھے۔

اطلاع ملنے پر لندن پولیس بھی پہنچ گئی اور درمیان میں کھڑے ہو کر تصادم سے بچا لیا۔ یوں تینوں جگہوں پر یہ دن لیگیوں کا لگ رہا تھا۔

میاں صاحب نے تاریخ کی تلخ ترین تقریر کر ڈالی، جلسے کے شرکاء نے بھی وزیر اعظم عمران خان کو نہ بخشا، پورا سٹیڈیم تند و تیز نعروں اور تقریروں سے گونجتا رہا۔ اگلے روز ہفتے کو اسلام آباد کنونشن سنٹر میں تائیگر فورس کے سینکڑوں پرجوش نوجوانوں سے وزیر اعظم نے خطاب کیا، وہ شدید غصے میں تھے۔ انہوں نے خود ہی کہہ دیا کہ رات کے جلسے سے ایک نیا عمران خان پیدا ہو گیا ہے، اب وہ ان "چوروں، ڈاکوؤں" کو نہیں بخشیں گے۔ انہوں نے پھدے باز لڑکے کی طرح منہ پر ہاتھ پھیر کر کہا کہ اب آپ کا پاکستان تمہیں عام جیل میں

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

زندگی کے چند انمٹ نقوش!

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

میرے زمانے کا پاک پتن برصغیر کے ان درجنوں شہروں میں سے ایک تھا جو 'شریف' کہلاتے تھے۔۔۔۔۔۔ اجمیر شریف، کلیر شریف، ہانسی شریف، ملتان شریف، اُچ شریف، گولڑہ شریف، تونسہ شریف اور نجانے کون کون سے گاؤں، قصبے اور شہر تھے جن کے ساتھ 'شریف' کا لاحقہ لگایا جاتا تھا۔ عام خیال یہ تھا کہ جن مقامات پر کوئی بزرگ یا اہل دل محوِ خواب ہوتا تھا، اس کو از راہِ عقیدت شریف سمجھ لیا جاتا تھا۔ 1947ء سے پہلے انگریزوں کے زمانے میں بھی یہ باقاعدہ 'رجسٹرشدہ شریف' شہر ہوتے تھے۔ ریلوے پلیٹ فارم کے دونوں سروں پر ان کے نام انگریزی اور اردو میں لکھے ہوتے تھے اور اس حوالے سے ان قصبات اور شہروں کی 'شرافت' سرکارِ برطانیہ سے باقاعدہ "منظور شدہ" ہوتی تھی۔

ہمارے گھر میں جو پوسٹل ڈاک آتی تھی اس کی زیادہ تعداد ننگے پوسٹ کارڈوں پر مشتمل ہوتی تھی جن کا طول وعرض 5"x3" ہوتا تھا۔ لفافوں کا رواج بھی تھا لیکن بہت کم تھا۔ آدھا کارڈ خیر خیریت سے شروع ہو کر آخر میں دعاؤں اور سلاموں پر ختم ہو جاتا تھا۔ سکولوں میں جب خطوط نویسی کا درس دیا جاتا تو ابتدائیے کی درستگی میں لفظ "چاہتا ہوں" کی جگہ صرف "ہے" لکھوایا جاتا تھا۔ وہ فقرہ یہ تھا: "یہاں پر خیریت ہے اور آپ کی خیریت خداوند کریم سے نیک مطلوب "چاہتا ہوں"۔۔۔۔۔۔

اردو میڈیم سکولوں میں روایتی خطوط نویسی کی یہ پریکٹس کلاس ہشتم تک جاری رہتی تھی۔ کلاس نہم اور دہم تک جاتے جاتے خطوطِ غالب کی سادہ بیانی اور فصاحت پر زور دیا جاتا۔ اردو کے پرچے میں باقاعدہ ایک سوال یہ بھی ہوتا کہ اپنے دوست کو خط لکھو جس میں موسمِ گرما کی تعطیلات گزارنے کا احوال درج ہو۔۔۔۔۔۔ میں نے اس سوال کے جواب میں ہمیشہ دس بتاؤں نمبر حاصل کئے کیونکہ ہمیشہ تعطیلات کا احوال بالکل مختلف انداز میں بیان کیا کرتا تھا۔ اپنے اساتذہ کی تعریف میں زمین وآسمان کے قلابے ملانے کے ساتھ ساتھ اردو کے استاد محترم کا اسمِ گرامی اور ان کی ہم پر 'کرم فرمائی' کا ذکر ضرور کرتا جس میں کان پکڑائی سے شروع کرتا تو جسم کے مختلف حصوں پر 'بیدزنی' کے فوائد پر کھل کر بحث کرتا اور عرض کیا کرتا کہ یہ بید اور چابک نہ ہوں تو اطیب خیال کبھی تیز نہیں دوڑ سکتا۔ اردو اور انگریزی کے اساتذہ (شاید) اس وجہ ہی سے مجھ پر شفقت فرماتے اور (شاید) اسی سبب کلاس ہفتم سے لے کر کلاس دہم تک میں مسلسل کلاس مانیٹری کے فرائض انجام دیتا رہا۔ بیدزنی کو دوسروں پر آزمانے کے مواقع تو بار بار ملے لیکن خود پر آزمانے کا ایک موقع فراموش نہیں کر سکتا۔

کلاس ہشتم میں اردو کا پیریڈ تھا اور ماسٹر مولوی عزیز صاحب میرے بردِ عزیز اساتذہ میں شامل تھے۔ ایک روز میں نے ان سے پوچھا: "سر ہم پاک پتن کو پاک پتن شریف کیوں کہتے ہیں؟"۔۔۔۔۔۔ جواب ملا کہ: "یہاں ہندوستان کے ایک بڑے ولی اللہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ مدفون ہیں اس لئے یہ شہر 'شریف' کہلاتا ہے"۔۔۔۔۔۔ پھر انہوں نے یکے بعد دیگرے برصغیر کے مختلف شہروں کے نام گنوائے جو 'شریف' کہلاتے تھے اور جن کا ذکر سطورِ بالا میں کر آیا ہوں۔۔۔۔۔۔ نجانے مجھے کیا سوجھی کہ میں نے یہ سوال بھی کر دیا:

"سر، لاہور کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کیا وہاں حضرت داتا گنج بخش مدفون نہیں؟ کیا وہ بابا فرید شکر گنج سے چھوٹے بزرگ ہیں؟۔۔۔۔۔۔ اگر نہیں تو پھر لاہور کو لاہور شریف' کیوں نہیں لکھا اور بولا جاتا؟"

یہ سن کر عزیز صاحب نے تامل فرمایا۔ ساری کلاس خاموش تھی اور جاننا چاہتی تھی کہ لاہور کو شریف کیوں نہیں کہا جاتا۔ انہی دنوں ہماری کلاس میں لاہور سے ایک لڑکا آکر داخل ہوا۔ (قیوم نام تھا لیکن قد چونکہ چھوٹا تھا اس لئے ہم اسے 'قوما' یعنی 'کچھوقوما' کہتے تھے) وہ ہم سے زیادہ ذہین تھا لیکن اس کی ذہانت کے جوہر بعد میں کھلے۔۔۔۔۔۔ لیکن یہ کہانی پھر سہی۔

قوے نے ہاتھ کھڑا کیا۔ عزیز صاحب نے بولنے کی اجازت دی تو وہ کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا: "سر لاہور پر نصف صدی تک سکھوں کا قبضہ رہا۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کا پایہ تختِ لاہور تھا۔ وہ بادشاہی مسجد میں گدھے باندھا کرتا تھا اور مسجد کے قیمتی سنگِ مرمر اکھاڑ کر امرتسر لے گیا تھا اور دربار صاحب میں نصب کر دیئے تھے۔ سکھوں کی آمد اور قبضے سے پہلے شہر لاہور ساری دنیا میں مشہور تھا اور اس کی وجہ شہرت حضرت داتا گنج بخش، حضرت میاں میرؒ اور انارکلی کے مزارات تھے!"۔۔۔۔۔۔

عزیز صاحب نے میری طرف دیکھا تو میں نے کہا: "سر! قوما جھوٹ بول رہا ہے۔ انارکلی کوئی پیر فقیر نی نہیں تھی۔ وہ تو شہزادہ سلیم کی محبوبہ تھی۔ یہی سلیم بعد میں جہانگیر کے نام سے مغل سلطنت کا چوتھا بڑا بادشاہ بنا۔ یعنی بابر، ہمایوں اور اکبر کے بعد۔۔۔۔۔۔ حضرت داتا گنج بخش تو بہت پہلے ہندوستان آئے تھے۔ 'قومے' نے حضرت داتا گنج بخش اور حضرت میاں میر کو انارکلی کے ساتھ ملا دیا ہے۔۔۔۔۔۔ کہاں داتا صاحب اور کہاں ایک کنیز؟۔۔۔۔۔۔ عزیز صاحب نے لفظ قومے پر مجھے تین 'بیدوں' سے نوازا اور پھر مجھے شاباش بھی دی اور میں بنچ پر جا کر واپس بیٹھ گیا۔ 'قومے' کی غضب ناک آنکھیں تادیر مجھ پر مرکوز رہیں۔ سکولوں کی دوستیاں اور دشمنیاں ناقابلِ فراموش ہوتی ہیں۔ قیوم ایف ایس سی کرنے کے بعد فوج میں چلا گیا اور جب بہت برس بعد مری (اپر لوپ) میں ہماری ملاقات اتفاقاً مال روڈ پر ہوئی تو وہ بریگیڈیئر تھا۔۔۔۔۔۔ ہم دونوں ماضی کی یادیں کریدتے رہے۔

1947-48ء میں پاک پتن کی آبادی بہت کم تھی۔ اس کے دو حصے تھے۔ زیادہ لوگ اس ٹیلے پر آباد تھے جس کو 'اتاڑ' کہا جاتا تھا اور یہ ایک وسیع سطح مرتفع تھی۔ یہاں بھی حضرت بدرالدین اسحاق کا مزار تھا جن کے عقیدت مند حضرت بابا فرید کی دو بیٹیاں تھیں۔ ان کا عرس بھی بڑے تزک واحتشام سے منایا جاتا ہے۔ مقامی زبان میں اسے 'مجھیروں والا میلہ' کہا جاتا ہے۔ زائرین منی کی مجھیریوں میں شربت بھر کر یہاں لاتے ہیں اور مقامی لڑکے بالے اور بیوہ جواں سب کے سب زائرین کے ہاتھوں سے یہ مجھیریاں چھین کر بھاگ جاتے ہیں۔ یہ 'بھاگ دوڑ' اس عرس کی ایک دلچسپ اور خاص رسم ہے۔ جو زائر اپنی مجھیری سلامت لے کر مزار تک پہنچنے میں کامیاب ہو جاتا ہے، کہا جاتا ہے کہ وہ بدنصیب ہے اور اس کی مراد پوری نہیں ہوتی۔ میرا آبائی گھر اس مزار سے صرف 150 گز دور تھا اور ہم بڑی شدت سے اس عرس کا انتظار کیا کرتے تھے۔ شربت سے لبریز مجھیری (مٹکی) کسی زائر سے چھین کر بھاگ جانا اور زائر کا ہمارے پیچھے بھاگنا روزہ کریا دآتا ہے۔ اور جب وہ قریب آتا تو اس کے پاؤں میں مجھیری پھینک کر اس کو روکنا، ایک عجیب تماشا ہوتا تھا۔۔۔۔۔۔ پاک پتن کے اس حصے کو 'مطلاڑ' کہا جاتا تھا جو 'اتاڑ' کے چاروں طرف نیچے اس کے دامن میں پھیلا ہوتا تھا۔ آج کل تو 'اتاڑ' سنسان سا ہو گیا ہے۔ ساری آبادیاں 'مطلاڑ' میں بس گئی ہیں۔ اگلے روز اتاڑ کا میرا ایک ہمسایہ ملنے آیا تو بچپن کی یادوں کا ایک سیلاب بہہ نکلا۔ جس کسی کو پوچھتا، جواب ملتا کہ اس کا انتقال ہو گیا ہے!۔۔۔۔۔۔ تقریباً 90٪ دوست احباب، بزرگ، عورتیں اور مرد اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں۔۔۔۔۔۔ معلوم ہوتا ہے کہ اب لوگ پاک پتن کے ساتھ شریف کا لاحقہ نہیں لگاتے۔ ریلوے اسٹیشن پر شاید آج بھی "پاک پتن شریف" ہی لکھا ہوگا، میں نے چیک نہیں کیا۔ لیکن شرف شرافت تو مکانوں سے نہیں، مکینوں سے ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔

اسد اللہ غالب نے سچ کہا تھا:

ہر اک مکان کو ہے مکیں سے شرف اسد
مجنوں جو مر گیا ہے تو جنگل اداس ہے

میرے بچپن کے دوست عمر نے آکر جب سے یہ بتایا کہ جنگل کے تقریباً سارے ہی مجنوں مر گئے ہیں تو جنگل کی اداسی پر میرا اپنا دل بھی کافی دنوں سے اداس ہے۔ سوچا کہ آج کا کالم اداسی کی یاد میں سپردِ قلم کروں۔ ہر روز عصرِ امروز کے گورکھ دھندے سلجھانے میں فکر وعمل کی بہت ساری ساعتیں گزر جاتی ہیں، سوچا عہدِ ماضی کی یادوں کو بھی کبھی ان ساعتوں کا حصہ بناؤں۔ سو آج کا کالم غیر روایتی سہی، زندگی کے انمٹ نقوش کا آئینہ دار تو ہے!!

عمران خان صاحب کے تضادات

مختار چودھری

عمران خان کی پاکستان میں ایک بہترین نظام بنانے، ملک کو بدعنوانی سے پاک کرنے، عدلیہ کو درست کر کے عوام کو سستا انصاف دلانے، تعلیمی نظام ایک کرنے، ٹیکس کا نظام ٹھیک کر کے ٹیکس کی آمدن کو کئی ہزار گنا بڑھانے اور ملک کو خوشحال بنانے، اس ملک کے وسائل کو بروئے کار لا کر عوام کو خوشحال کرنے، ملک میں جمہوریت کو مضبوط کرنے، سیاسی جماعتوں کو حقیقی جمہوری جماعتیں بنانے، تمام بدعنوان سیاستدانوں اور بیوروکریٹس (سول وفوجی) کو پکڑ کر ان سے لوٹی ہوئی دولت کو واپس لا کر ملکی خزانے کو بھر دینے، ملک میں اتنی نوکریاں پیدا کرنے کہ بیرونِ ملک سے بھی لوگ پاکستان میں نوکریاں کرنے آئیں، حکومتی اللے تللے ختم کر کے حکومتی اخراجات کو انتہائی کم کرنے، وزیر اعظم ہاؤس اور گورنرز ہاؤسز کو یونیورسٹیوں میں تبدیل کرنے، وزیر اعظم اور وزراء سمیت تمام حکام بالا کو بغیر پروٹوکول آنے جانے (جس میں وزیر اعظم سائیکل پر بھی آجا سکتا ہے،) کا پابند کرنے انتہائی مختصر کرنے، ملک کو معاشی خود مختاری دیگر عالمی مالیاتی اداروں کے چنگل سے نجات دلانے اور امریکی دباؤ اور جنگ سے نکال کر اپنی خارجہ پالیسی کو مکمل آزاد کرنے کی جدوجہد اور دعوے بائیس سال پر محیط ہیں۔ لیکن عمران خان کی حکومت قائم ہوئے دو برس 3 ماہ ہوئے ہیں یا یوں کہیے کہ ان کی حکومت کی درمیانی مدت پوری ہونے کو ہے۔

لیکن ابھی تک اپنے کسی ایک دعوے پر پورا یا آدھا بھی عملدرآمد نہیں کروا سکے ہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ یہ تاثیر کا مقصد عمران خان صاحب پر تنقید کرنا ہے۔ نہ میں ان کی مخالف حزبِ اختلاف کا حصہ ہوں۔ میری خواہش تو وطنِ عزیز کا نظام ٹھیک کرنا اور خوشحال بنانا ہے اور میری کوشش تو یہ جاننا ہے۔ کہ وہ کونسی مشکلات ہیں۔ کیا رکاوٹیں ہیں جو کسی بھی جماعت یا اس کی قیادت کو اپنے دعوؤں اور وعدوں پر عمل کرنے سے عاجز کر دیتی ہیں؟

اوپر میں نے عمران خان صاحب کے ان چیدہ چیدہ دعوؤں اور وعدوں کا ذکر کیا ہے۔ (حالانکہ ان کے دعوے اور بھی بہت سارے تھے) لیکن اگر ماضی قریب یا 2018 کے انتخابات کے موقع پر کی گئی عمران خان صاحب کی تقاریر کا جائزہ لیں تو ان میں ایک کروڑ نوکریاں پیدا کرنے 50 لاکھ مکان بنا کر بے گھر لوگوں کو دینے اور سابقہ وزراء اعظم صدور سمیت تمام سابقہ بدعنوان حکام کا

(جاری ہے)

بے ثباتی دوراں اور سید عارف شاہ کی وفات!

ہمراز احسن اب مستقل برطانوی اور وہیں مقیم ہیں، پہلے کبھی کبھار آتے تو ملاقات ہو جاتی تھی۔ اب

چودھری خادم حسین

بہت عرصہ ہو گیا کہ آ نہیں سکے، تاہم ان کے ادب اور کلام سے سوشل میڈیا پر محظوظ ہوتے رہتے ہیں، ایک روز قبل ان کی پوسٹ ایک بڑے صدمے والی ثابت ہوئی، ان کی اطلاع تھی کہ ہمارے دیرینہ ساتھی اور محترم سید عارف علی شاہ اللہ کو پیارے ہو گئے وہ ہمراز کے بڑے بہنوئی تو تھے ہی ہماری ٹریڈ یونین والی جدوجہد کے بھی ساتھی تھے اور بہت پکے عہد کے ساتھ نبھانے والوں میں رہے، مجھے حیرت اور صدمے کا جھٹکا لگا کر اتنے سینئر بلکہ اب بزرگ صحافی کی وفات گمنام سی رہی، وہ اسلام آباد میں مقیم تھے، اگرچہ ان سے بھی ملاقات ہوئے عرصہ گزر گیا تھا لیکن خیر خیریت کسی نہ کسی سے معلوم ہو جاتی تھی دکھ یہ ہوا کہ ہم لاہور میں بیٹھے رہے اور ان کی رخصتی کا علم نہ ہو سکا کہ کوئی خبر نظر سے نہ گزری اور نہ ہی کسی یونین، پریس کلب یا فیڈریشن میں سے کسی کی طرف سے کوئی تعزیت ہوئی کہ علم ہو جاتا حالانکہ یہ جو پی ایف یو جے کے نام سے فیڈریشنیں کام کر رہی ہیں،

یہ بھی ماسوا (دستور) ایک کے باقی سب منہاج برنا کی پیروکار ہونے کا دعویٰ کرتی ہیں، ان میں سے کسی کو بھی سید عارف علی شاہ کی کوئی خیر خبر نہیں تھی، حالانکہ وہ ایک اچھے صحافی ہونے کے ساتھ ساتھ بہت زبردست ٹریڈ یونینسٹ بھی ثابت ہوئے تھے، ہمراز ہماری جدوجہد کے ساتھی ہیں اور شاہ صاحب ان کے بہنوئی ہی سہی، لیکن ہمارا تعلق تو تحریک سے تھا اور دوستی بھی تھی جتنی کہ جب مئی، جون 1974ء کی چلچلاتی دھوپ میں ہم یہاں بھائیوں کے حق میں تحریک چلا رہے تھے تو عارف علی شاہ اس

شال بقیہ 1

یہ ہضم نہیں ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ میں نے یکم اکتوبر کو پریس برینگ میں پی ڈی ایم۔ کے کوئٹہ جلسے پر سوالات اٹھائے تھے۔ ہم نے کہا تھا کہ پنجاب میں ن لیگ کو جگہ نہیں مل رہا ہے جبکہ پی پی کو سندھ میں پذیرائی نہیں مل رہی تھی۔ پی ڈی ایم کو لگتا تھا کہ پہلا جلسہ کوئٹہ میں کامیاب ہوگا۔ گوجرانوالہ جلسہ۔ پی ڈی ایم کا ناکام جلسہ تھا پی ڈی ایم کے رہنماں نے کہا کہ کوئٹہ جلسے میں بھی۔ نواز شریف خطاب کریں گے۔ نواز شریف کو گوجرانوالہ میں خطاب میں لوگوں کہ دلچسپی نہ لینے کے بعد کراچی میں خطاب نہیں کرایا گیا ابھی سے بتا رہا ہوں کہ بلوچستان کے عوام میاں نواز شریف صاحب کو سننے نہیں آئیں گے سردار اختر جان مینگل نے ن لیگ کے دور میں سی پیک کیخلاف اے پی سی بلایا پی ڈی ایم قائدین ماضی میں ایک دوسرے کیخلاف باتیں کرنے پر معافی مانگیں۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ پی ڈی ایم کے پاس بلوچستان کیلئے کوئی پیکج یا کوئی پالیسی نہیں ہے۔ نواز شریف نے بلوچستان میں سردار اختر جان مینگل کا حکومت ختم کیا اور بلوچستان ہی میں ڈاکٹر مالک بلوچ کو بنا کر نواز شریف نے ڈھائی سال بعد اپنے جماعت کا وزیراعلیٰ بنایا اس پر وہ بلوچستان کی عوام سے معافی مانگے۔ مولانا فضل الرحمان اپنا فضا اتارنے کیلئے ڈی آئی خان جانے کے بجائے کوئٹہ آرہے ہیں۔ جام حکومت نے کوئٹہ سمیت بلوچستان میں ترقیاتی کام کا جال بچھا دیا ہے قومی شاہراہ کوئٹہ کراچی کو دورویہ کرانے جارہے ہیں کیا اپوزیشن کو یہ ہضم نہیں ہو رہا ہے۔ آوارن سے ہوشاب تک ہائی وے بنایا جارہا ہے کیا اپوزیشن چاہتے ہیں کہ یہ نہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ جلسے کے بعد اگر سیاسی اخلاقیات ہوتا تو پی ڈی ایم کا تحریک ڈوب جانا چاہئے تھا کراچی جلسے میں لوگ پی ڈی ایم کی وجہ سے نہیں بلکہ ساتھ کارساز کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے آئے تھے۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ پی ڈی ایم کے کوئٹہ جلسے میں پاور کا شو ضرور ہوگا مگر پاور نہیں ہوگا۔

شال بقیہ 2

اجلاس میں موجود نہیں تھے جس پر بلوچستان عوامی پارٹی کے رکن میر جان محمد جمالی نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ اگر وزراء ایوان میں نہیں آتے تو میں اسکے خلاف احتجاجاً اجلاس سے واک آؤٹ کرتا ہوں اور اسپیکر کو بھی تجویز دے رہا ہوں کہ وہ بھی اجلاس سے واک آؤٹ کریں جس پر اسپیکر میر عبدالقدوس بزنجو نے رولنگ دیتے ہوئے کہا کہ اجلاس میں ارکان اسمبلی اہم نوعیت کے مختلف سوالات دریافت کرتے ہیں لیکن یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ اکثر و بیشتر وزراء ایوان میں نہیں ہوتے جس کی وجہ سے سوالات موخر کئے جاتے ہیں یہ ایوان کا استحقاق مجروح کرنے کے مترادف ہے لہذا میں آج کی نشست کو احتجاجاً جمعہ 23 اکتوبر تک ملتوی کرتا ہوں۔ اجلاس ملتوی ہونے کی وجہ سے حکومتی ارکان سردار یار محمد رند، میر ظہور احمد بلیدی، میر سلیم احمد کھوسہ، محمد خان لہڑی کی سرداراختر مینگل کے بلوچستان میں امن کے قیام کے لئے تمام شہداء کی قربانیوں کو نظرانداز اور انکار کرنے اور بلوچ قوم کے ساتھ زیادتیوں کا تذکرہ کرنے اور افواج پاکستان کے خلاف الزامات لگانے کے بیان کے خلاف اور رکن صوبائی اسمبلی معین خان کھیتران کی سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کی گوجرانوالہ کے جلسے میں تقریر کے خلاف مذمتی قراردادیں اجلاس میں پیش نہیں کی جاسکیں۔

شال بقیہ 3

دیہاڑی دار افراد جلسے میں شرکت کرنے کیلئے بوکنگ شروع کردیا گیا کیونکہ عوام کو اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج اور جلسوں سے کوئی سروکار نہیں وترقی وخوشحالی، روزگار اور امن وامان چاہتے ہے جس کیلئے حکومت تمام تر اقدامات کررہی ہیں اپوزیشن جہاں دل چاہے احتجاج کرے یا جلسے کرے حکومت اپنی آئینی مدت پوری کریگی اپوزیشن کے احتجاجی تحریک سے حکومت کو کوئی بھی خطرہ نہیں ہے، حکومت کی اولین ترجیح پسماندہ طبقات کی فلاح وبہبود اور پسماندہ علاقوں کی ترقی و خوشحالی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل بڑی جماعتیں مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی جو کہ بار بار اقتدار میں آئی لیکن انہوں نے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی پر کوئی توجہ نہیں دیا اور نہ ہی بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی کا مظاہرہ لیکن موجودہ وفاقی حکومت خصوصاً وزیراعظم عمران خان نے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی اور تمام بنیادی مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات کئے جارہے ہیں وفاقی حکومت نے پی ایس ڈی پی میں سب سے زیادہ فنڈز بلوچستان کیلئے مختص کیا گیا۔

شال بقیہ 4

جین سے بچ چلا کہ ملزم اور بے نامی داروں کے نام پر بنائے گئے اکاؤنٹس سے 132 ملین روپے کی مشتبہ ٹرانزیکشن ہوئیں۔ ملزم نے واضح کرپشن کیس سے بچنے کے لئے ہائیکورٹ میں بے بنیاد درخواست جمع کی جسے معزز چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس جمال خان مندوخیل نے مسترد کردیا اور نیب کو 20 دن میں کیس کی تحقیقات مکمل کرکے ریفرنس احتساب عدالت میں جمع کرانے کی ہدایات جاری کیں۔ نیب کی تحقیقاتی ٹیم نے جانفشانی سے کام کرتے ہوئے سپرنٹنڈنٹ انجینئر نور محمد لہڑی اور بے نامی دار ملک نوید کاسی کے خلاف ناقابل تردید ثبوت اکٹھے کرکے احتساب عدالت کوئٹہ میں ریفرنس دائر کردیا ہے، واضح رہے گرفتاری سے بچنے کے لئے ملزم نے عدالت سے عبوری ضمانت حاصل کررکھی ہے۔

شال بقیہ 5

محکموں میں بلوچستان کوٹے پر تعینات مستونگ سے تعلق رکھنے والے 744 ملازمین کے لوکل/ڈومیسائل سندوں کا تصدیقی عمل (ویریفکیشن پراسیس) مکمل کرکے حتمی نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ محبوب اچکزئی نے کہا کہ ویریفکیشن کمیٹی (Verification Committee) نے ڈپٹی کمشنر مستونگ کی سربراہی میں مسلسل تین مہینے ہفتہ وار بارہ (12) میٹنگز کیں جن میں مرحلہ وار ملازمین کو کمیٹی کے سامنے پیش ہونا پڑا اور اپنے کوائف (لوکل/ڈومیسائل سندات وغیرہ) کی تصدیق کروانی پڑی۔ یاد رہے کہ جون 2020 میں ڈپٹی کمشنر مستونگ محبوب احمد نے ابتدائی کاروائی کے بعد وفاقی محکموں میں مستونگ سے تعلق رکھنے والے بلوچستان کوٹہ پر تعینات 400 وفاقی ملازمین کے لوکل/ڈومیسائل سندات منسوخ کردیئے تھے جس کے بعد جولائی 2020۔ میں ویریفکیشن کمیٹی نے ایسے تمام 744 ملازمین کی باقاعدہ طور پر تفصیلی جانچ پڑتال شروع کی جس کے مکمل ہونے میں تین مہینے لگے اور اس کی بارہ (12) میٹنگز ہوئیں۔

شال بقیہ 6

اظہاری ہیں، اپوزیشن نے اچانک سولیمین بالادستی کا بیانیہ شروع کردیا ہے، وہ دوسروں کو غیر جمہوری بتانا چاہتے ہیں، جو بالکل غلط اور حقیقت کے منافی ہے، ان کی بات کیسے مان لی جائے چند ماہ قبل تو انہوں نے ایک کے حق میں بھرپور ووٹ دیا تھا، یہ کسی ایک فرد پر نہیں اداروں پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اقوام میں حب الوطنی کا سوال رہتا ہی ہے اور اسکے قانون موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ماحول میں ان کی تحریک انتشار کی طرف لے جاسکتی ہے، یہ سوال اٹھانا ہمارا حق ہے کہ اپوزیشن کی اس تحریک کا فائدہ کس کو ہوگا؟ موجودہ حکومتیں انتخابی عمل کے ذریعہ آئی ہیں جن میں سندھ کی حکومت بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ٹکراؤ کا کسی کو فائدہ نہیں ہوا، پرامن احتجاج سیاسی جماعتوں کا حق ہے تاہم دھونس اور دھمکی سے حکومتوں تبدیلی نہیں ہوتی ہیں، بھارت نے بلوچستان میں اعلان جنگ کیا ہوا ہے، ہم ریاست کے ادارے اس بات کے پابند ہیں کسی بھی موجودہ حکومت کی حمایت میں رہیں، مسئلہ صرف ایون فیلڈ لندن کا ہے جہاں سے یہ تحریک چلائی جارہی ہے۔

شال بقیہ 7

نے سی ٹی ایس پی شارٹ لسٹڈ اساتذہ کو آرڈرز کی عدم فراہمی کے خلاف بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ منگل کو سی ٹی ایس پی شارٹ لسٹڈ امیدواروں کی جانب سے بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دیا گیا اس موقع پر قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے نصر اللہ زیرے، احمد نواز بلوچ، یونس عزیز زہری، شکیلہ نوید دہوار، زینت شاہوانی، نائس جانسن نے دھرنے کے شرکا سے یکجہتی کی۔ قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ ہم نے پہلے بھی عمل یکجہتی کی اور آئندہ بھی اساتذہ کے ساتھ ہوں گے، جنوری میں ٹیسٹ کلیئر ہوا تو فروری سے ان اساتذہ کو تنخواہیں جاری ہونی چاہیے تھی لیکن بدقسمتی سے حکومت لیت ولعل سے کام لے رہی ہیں

شال بقیہ 8

رکھنے کیلئے موجودہ حکومت موثر اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انھوں نے او جی ڈی سی ایل قاتلے پر مٹھے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسی بزدلانہ کارروائیوں سے ہمارے عزائم کو متزلزل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے 25 اکتوبر کو ہونے والے جلسے کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کیا جائے تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ جلسے میں شرکیلئے آنے والے قومی رہنماؤں کی سیکیورٹی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان خوداشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں۔

شال بقیہ 9

تاج، ڈی جی انرجی نصرت بلوچ، ڈی جی زراعت مسعود بلوچ، سی ای او کیسکو محمد عرفان اور زمینداروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں لوڈ شیڈنگ، بلوچستان کے ذمے واپڈہ کے واجبات اور زرعی ٹیوب ویلز پر میٹر کی تنصیب کے حوالے سے واپڈہ حکام اور زمینداروں کے مابین مختلف امور اور تحفظات دور کرنے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ زمیندار سیکشن کمیٹی کے صدر ملک نصیر شاہوانی نے کہا کہ صوبے میں بجلی چوری، لائن لوسز اور دیگر واجبات زمینداروں پر توسپ دی گئی ہے جو قطعاً درست نہیں، ذمیندار شدید دباؤ کا شکار ہے، ہفتوں بجلی کی بندش سے زراعت تباہ ہوچکی ہے، اگر دس فیصد زمیندار بل نہیں دیتے واپڈہ نوے فیصد زمینداروں کا بجلی کاٹ دیتا ہے، طویل لوڈ شیڈنگ سے ملک میں گندم اور سبزی کا بحران پیدا ہوچکا ہے اور گندم باہر سے درآمد کی جارہی ہے مختلف طریقوں سے بلوچستان کے ذمہ 300 ارب روپے ڈال دیئے گے ہیں جو سراسر ناانصافی ہے، ذمیندار واپڈہ سے ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہیں اگر انہیں اصولی طور پر مناسب بجلی کی فراہمی یقینی بنایا جائے۔

شال بقیہ 10

شرکت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ نیشنل سکل یونیورسٹی تکنیکی تعلیم کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمند افرادی قوت نے ملک کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، مارکیٹ کی طلب کو مدنظر رکھ کر ہنرمند افرادی قوت تیار کی جائے۔ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد مختار نے اجلاس کو رواں مالی سال کے اہداف اور مجوزہ تعلیمی پروگراموں کے بارے میں آگاہ کیا۔

شال بقیہ 11

ڈاکٹر عارف علوی سے حزب اسلامی افغانستان کے سربراہ گلبدین حکمت یار نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں افغان امن عمل اور پاک افغان برادرانہ تعلقات کے حوالے سے تفصیلی بات چیت کی گئی۔ بعد ازاں اخباری نمائندوں سے بات کرتے ہوئے افغانستان کے سابق وزیراعظم گلبدین حکمت یار نے کہا کہ عبداللہ عبداللہ اگر افغانستان سے آئے تو وہ وہاں کی حکومت کا حصہ ہیں، افغان لیڈرز کے پاکستان آنے کا مطلب امن کا پیغام ہے، میں یہاں جنگ کے خاتمے کیلئے آیا ہوں، مجھے امریکیوں نے بھی ملنے کا کہا لیکن ہم نے اسے مسترد کردیا۔

شال بقیہ 12

ہوں گے، منصوبے کی بروقت تکمیل ہونی چاہیے اور اس ضمن میں ہر رکاوٹ کو فوری دور کیا جائے، تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں اور مکمل شفافیت سے کام پورا کیا جائے۔ وزیراعظم عمران کی زیر صدارت پنجاب میں بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور دستیابی کا جائزہ لینے اور راوی اربن ڈیولپمنٹ پراجیکٹ پر پیشرفت کے حوالے سے الگ الگ اجلاس ہوئے۔ اجلاس میں وفاقی وزراء شبلی فراز، سید فخر امام، مشیر شہزاد اکبر، وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار، وزیر خزانہ پنجاب مخدوم ہاشم جواں بخت، مشیر وزیراعلیٰ ڈاکٹر سلمان شاہ، چیف سیکرٹری پنجاب، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب، چیئرمین نیا پاکستان ہاؤسنگ ڈیولپمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) انور علی حیدر، چیئرمین راوی اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی، صدر بینک آف پنجاب، نائب چیئرمین لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی، کمشنر لاہور، ایڈیشنل آئی جی سیکیورٹی برانچ پولیس، صوبائی وزارتوں بشمول زراعت، صنعت، اطلاعات، خزانہ، بلدیات، خوراک کے سیکرٹریز، کین کمشنر، ڈائریکٹر فوڈ اور دیگر سینئر افسران شریک ہوئے۔ وزیراعظم کو بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور دستیابی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں سہولت بازار قائم کیے جارہے ہیں جن میں کم قیمت پر اشیاء فراہم کی جائیں گی۔

شال بقیہ 13

تشویش سے آگاہ کیا، وزیراعظم نے بھی چینی اور آٹے کی قیمتیں کنٹرول نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ گندم وافر مقدار میں ہے تو آٹے کی قیمتیں کم کیوں نہیں ہورہیں؟ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کابینہ اراکین سے پوچھا کہ چینی کا اسٹاک موجود ہونے کی رپورٹس کے باوجود قیمت کم کیوں نہیں ہیں؟ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے وزراء کو غفلت برتنے والوں کی نشاندہی کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کے خاتمے کے لیے تمام سرکاری محکمے اپنا ان پٹ دیں۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کابینہ اراکین کو سیاسی خواتین کے حوالے سے بھی محتاط انداز اختیار کرنے کی ہدایت کی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کو سوات میں پاکستان تحریک انصاف کا جلسے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اسد عمر نے کہا کہ جلسہ ضرور کریں لیکن ایس او پیز پر مجموعہ نہیں ہوگا، کورونا پھر پھیل رہا ہے، احتیاط کا دامن نہ چھوڑا جائے۔

شال بقیہ 14

فیصد کمی ہوئی، کورونا کی وجہ سے پاور سیکٹر کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق پاور پلانٹس کو مکمل صلاحیت پر نہ چلانے سے مہنگی بجلی پیدا ہوئی، پھر انے بجلی کے ترسیلی نظام کو ایک بار پھر ناقص قرار دیدیا۔ پھر انے کہا کہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے صارفین کا بجلی کمپنیوں پر اعتماد کم ہورہا ہے، بجلی صارفین نیٹ میٹرنگ کی طرف راغب ہورہے ہیں، پھر انے ملک میں بجلی کی پیداواری لاگت کم کرنے پر زور دیا۔ پھر انے کہا کہ زیادہ ایفی شینسی والے پاور پلانٹس کو ترجیح دی جائے۔ پھر انے سفارش کی کہ پرانے پاور پلانٹس کو بند کردیا جائے۔ پھر انے کہا کہ ایل این جی کی سپلائی چین کو بہتر کیا جائے، مہنگے پیداواری یونٹس کی جگہ سستی پیداوار کو ترجیح دی جائے۔

شال بقیہ 15

ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ آئین نے ہر ادارے کے کردار کا تعین کیا ہے، ہم قومی وحدت دیکھنا چاہتے ہیں، آئین اور قانون کے دائرے میں تحریک آگے بڑھائیں گے اور دیگر شہروں میں بھی جلسے کریں گے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ ہم آئین وقانون کو نہ پامال کرنا چاہتے ہیں، نہ عوامی قوت کے علاوہ کسی نادیدہ قوت کا سہارا لینا چاہتے ہیں، عوام ہی اس حکومت کو گھر بھیجیں گے وہ اس حکومت سے تنگ آچکے ہیں۔ سربراہ پی ڈی ایم نے کہا کہ تحریک انصاف بھی مزار قائد پر بلز بازی کرتی رہی ہے، اس وقت نوٹس نہیں لیا گیا، سندھ حکومت نے کیپٹن (ر) صفدر سے متعلق ندامت کا اظہار کیا ہے، کیپٹن صفدر کے کمرے کا دروازہ توڑنا بدمعاشی ہے، دروازہ توڑتے وقت خاتون کا بھی خیال نہیں رکھا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کرنسی کی حیثیت وہ نہیں رہی جس سے خریداری کرسکیں، آج ہر شعبہ زندگی سے وابستہ افراد کرب میں مبتلا ہیں۔

شال بقیہ 16

(ڈی جی) سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے طور پر معاملے کی تحقیقات کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز اور رہنما کیپٹن (ر) صفدر کے ساتھ پیش آنے والے واقعے پر شرمندہ ہوں اور کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ صبح سویرے ان کے ہوٹل میں انہیں ہراساں کرنا، یہ انتہائی شرم ناک ہے، ان کا ہراساں کرکے گرفتار کرنا سندھ کی عوام کی توہین ہے، وہ میری بیٹی ہیں پی ڈی ایم میں شرکت کے لیے آئے تھے۔ عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی کو تاریخی مینڈیٹ دیا، ایسا مینڈیٹ ذوالفقار بھٹو اور بی بی شہید کو بھی نہیں ملا، پاکستان کے مسائل کو ایک جماعت قابو نہیں کرسکتی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سندھ کے علاوہ دیگر صوبوں میں پولیس فورس دراصل تحریک انصاف کی "پولیٹیکل ونگ" کی طرح کام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے پنجاب میں 6 آئی جیز کا تبادلہ کیا لیکن اگر ہم تبدیل کرنا چاہتے تو بہت مشکل ہوتی۔ ان کا کہنا تھا کہ "سیاسی ایشو ہوتے ہیں لیکن ریڈ لائن کراس نہیں کرنا چاہیے۔

شال بقیہ 17

میں دو نکتہ نظر ہوتے ہیں اور ہونے بھی چاہئیں لیکن مخالفت میں اتنے نہ بڑھ جائیں کہ پورا نظام متاثر ہو۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں احتجاج ضرور کیجیے لیکن اگر آپ اسمبلی کو غیر فعال بنادیں گے تو کیا اس سے نظام مضبوط ہوگا یا کمزور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج، جلسے جلوس آپ کا حق ہے ضرور کیجیے لیکن اگر آپ پوری معیشت کو مفلوج بنائیں گے تو کیا اس سے نظام مضبوط ہوگا یا کمزور ہوگا؟۔ انہوں نے کہا کہ آج پوری دنیا سے اشارے مل رہے ہیں کہ کرونا وبا ایک مرتبہ پھر سر اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی وائرس سے متاثرین کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔

شال بقیہ 18

ٹی وی کے مطابق انہوں نے کہا کہ روز ویلٹ ہوٹل کے ذمہ 105 ملین ڈالر واجب الادا تھے، حکومت نے قرض اور دیگر اخراجات کے لیے 145 ملین ڈالر ادا کردیے۔ پی ای او پی آئی اے نے کہا کہ قرض کی عدم ادائیگی سے روز ویلٹ ہوٹل کو دیوالیہ قرار دیکر قبضے میں لینے کا خدشہ تھا۔

شال بقیہ 19

کرتی ہے۔ لوگوں کو پریشان دیکھ کر دل خون کے آنسو روتا ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں جبکہ حکمران بے حسی اور لاپرواہی کی تمام حدیں پھلانگ چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ بے حس حکمرانوں نے عوام کی نیند حرام کردی ہے۔ حکمران لوگوں کے منہ کا آخری نوالہ بھی چھین لینے پر تلے ہوئے ہیں۔ خوردونوش کی عام چیزوں کی دوسال میں قیمتیں تین گنا تک بڑھ گئی ہیں۔ حکومت کی اپنی صفوں میں موجود مافیاز کی لوٹ مار اور کرپشن نے تمام سابقہ ریکارڈ توڑ دیے ہیں۔

شال بقیہ 20

ہیں۔ مریم نواز نے بلاول بھٹو کے دوٹوک موقف اور حمایت پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پاکستان بدل چکا ہے، اداروں کو تباہ کرنے کا راگ الاپنے والوں کو یہ اچھے سے پتا چل گیا ہوگا۔

شال بقیہ 21

عمران خان کے قد کا کیا ایک آدمی بھی ہے اپوزیشن کے پاس ہے؟، پی ڈی ایم کی ناکامی عمران خان سے زیادہ ملک کی ضرورت ہے۔

شال بقیہ 22

حیثیت سے، نڈر اور ایمانداری کے ساتھ اپنا فرض ادا کریں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ میں سندھ پولیس کو سلام پیش کرتی ہوں۔

شال بقیہ 23

جان میں عمران خان کسی دباؤ میں نہیں آئے گا۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ان سے ایک ایک پائی کا حساب لیا جائیگا۔

شال بقیہ 24

جس کے نتیجے میں علیم خان خوشحالی گروپ کے 2 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مارے گئے دہشت گردوں نے میر علی میں گزشتہ روز ایک رہائشی ملک رئیس کو قتل کیا تھا، مارے گئے دہشت گرد مختلف جرائم میں پولیس کو مطلوب تھے۔

شال بقیہ 25

ابتدائی رپورٹ میں بتایا ہے کہ دھماکے میں ایک کلو کے قریب بارودی مواد استعمال کیا گیا۔ ایس ایس پی ساؤتھ شیراز نذیر کا میڈیا سے گفتگو میں کہنا تھا کہ دھماکا خیز مواد میں بال بیرنگ اور دیگر لوہے کی چیزیں ڈالی ہوئی تھیں جسے سائیکل میں نصب کیا گیا تھا۔ بس کے قریب دھماکا خیز مواد رکھنے والے کا تعین کررہے ہیں۔ ادھر آئی جی سندھ مشتاق مہر نے دھماکے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی ساتھ شیراز نذیر سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے۔

شال بقیہ 26

ہیں سندھ حکومت کی جانب سے جاری این او سی پر بھی ہمیں تحفظات ہیں۔ قرارداد میں کہا گیا کہ سندھ کابینہ کی جانب سے منظوری بھی سوالیہ نشان ہے۔ جی ڈی اے ارکان نے قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت فوری طور پر صدارتی آرڈیننس واپس لے۔ اس موقع پر نصرت سحر عباسی کا کہنا تھا کہ جزائر کے معاملے پر جی ڈی اے خاموش نہیں رہیگی آج سندھ اسمبلی کے اجلاس میں بھی یہ معاملہ اٹھایا جائیگا۔

شال بقیہ 27

گے، پی پی پی کے ذرائع کے مطابق چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پہلی صورت میں گلگت بلتستان دورے کے دوران کوئٹہ روانہ ہوں گے، اگر ایسا ممکن نہیں ہوا تو وہ دوسری صورت میں میاں نواز شریف کی طرح ویڈیو لنک کے ذریعے سے خطاب کریں گے، ذرائع نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے کوئٹہ جلسے سے خطاب نہ کرنے کی خبریں بے بنیاد ہیں

وندر کے قریب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے

حب (آن لائن) وندر کے قریب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے مرنے والوں تعلق باجوڑ ایجنسی سے تعلق ہے ایدھی ذرائع کے مطابق وندر کے قریب آدم کھنڈ کے مقام ٹرک اور سوزکی میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق ڈرائیور جائے حادثہ فرار ہوگیا جاں بحق افراد کی لاشوں کو سول ہسپتال وندر منتقل کردیا گیا۔ جہاں ان کی شناخت سعید خان اور سکندر کے نام سے ہوئی ہیاور باجوڑ ایجنسی کے رہائشی بتائے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 28

والوں تعلق باجوڑ ایجنسی سے تعلق ہے ایدھی ذرائع کے مطابق وندر کے قریب آدم کھنڈ کے مقام ٹرک اور سوزکی میں تصادم کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق ڈرائیور جائے حادثہ فرار ہوگیا جاں بحق افراد کی لاشوں کو سول ہسپتال وندر منتقل کردیا گیا۔ جہاں ان کی شناخت سعید خان اور سکندر کے نام سے ہوئی ہیاور باجوڑ ایجنسی کے رہائشی بتائے جاتے ہیں۔

شال بقیہ 29

جبکہ ایک زخمی ہوگیا ہے ایدھی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بولان میں ٹریفک حادثے کے دوران دو افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا جاں بحق اور زخمی ہونے والوں میں زبیر محمد یوسف اور محمد جان شامل ہیں لاشوں اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

شال بقیہ 30

کے عظیم الشان جلسہ عام میں کوئٹہ و بلوچستان کے غیور عوام اپنی شرکت کو یقینی بنائیں جلسے سے پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل و پی ڈی ایم کے دیگر قائدین تاریخی جلسے سے خطاب کریں گے یہ جلسہ عام ایک ایسے وقت میں کی جارہی ہے جب حکمران بلوچستان اور سندھ کے جزائر کو غیر آئینی طور پر اپنی ملکیت بنانے جارہے ہیں مہنگائی بے روزگاری عوام کے استحصال کیخلاف جلسہ سنگ میل ثابت ہوگا۔

شال بقیہ 31

آؤٹ کیا۔ منگل کو سینٹ میں اپوزیشن نے جزائر سے متعلق آرڈیننس کے اجراء کے خلاف واک آؤٹ کیا جس پر چیئرمین سینٹ نے ساجد طوری کو اپوزیشن کو منانے بھیج دیا اس دوران پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمن نے کورم کی نشاندہی کردی، چیئرمین سینیٹ کی ہدایت پر کورم کے لیے گھنٹیاں بجائی گئیں بعد ازاں سینیٹ میں کورم ہاتھ نکلا جس پر چیئرمین سینیٹ نے اجلاس جمعرات چار بجے تک ملتوی کردیا۔

شال بقیہ 32

فراز، سید فخر امام، مشیر شہزاد اکبر اور چیئرمین نیا پاکستان ہاسنگ و ڈیولپمنٹ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) انور علی حیدر وزیراعظم کے ہمراہ دورہ لاہور پہنچے۔

شال بقیہ 33

باجوہ نے ٹیلی فون کیا ہے۔ ترجمان بلاول ہاؤس کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے بلاول بھٹو زرداری سے کراچی واقعے پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمانکے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے آرمی چیف کی جانب سے کراچی واقعے کا فوری نوٹس لینے پر ستائش کا اظہار کیا۔ بلاول نے کراچی واقعے پر فوری شفاف انکوائری کی ہدایات دینے پر آرمی چیف کو سراہا۔

شال بقیہ 34

عمل کر لیا گیا، کرونا ٹیسٹ بھی لیا گیا، شہباز شریف کو بی کلاس میں رکھا جائے گا۔ جیل حکام کا کہنا ہے کہ شہباز شریف کو اخبار، کرسی، میز اور میٹرس مہیا کردیا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ شہباز شریف کا ڈپریشن کی وجہ سے بلڈ پریشر بالائی تھا، ان کا شوگر لیول بھی چیک کیا گیا، شہباز شریف کو گھر سے کھانا منگوانے کی اجازت محکمہ داخلہ دے گا۔

شال بقیہ 35

میں مل رہی ہے اور شہر میں گیس نہ ہونے کی وجہ سے نان بائیان گیس کا سلنڈر 1400 روپے میں خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی وجہ سے اشیاء خوردونوش کی قیمت میں کئی گنا اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ سے نانبائیان کو روٹی 20 روپے فروخت کرنے میں بھاری نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

شال بقیہ 36

کہ عالمی وبا کووڈ۔ ۱۹ کے بعد دنیا بھر میں یہ احساس اجاگر ہوا کہ عالمی سطح پر صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے اور علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ حفاظتی تدابیر پر بھی اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارے دنیا میں قدرتی آفات قحط سالی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور جامع حکمت عملی وضع کرنے میں رہنمائی اور مدد فراہم کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 37

ڈاکٹر نوشین، پاکستان میں یونیسف کے سربراہ نے شرکت کی نیوٹریشن سروے سے متعلق اس قومی اجلاس میں بلوچستان کی نمائندگی پارلیمانی سیکرٹری صحت بلوچستان ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی نے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر رابیہ خان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان میں نیوٹریشن سے متعلق یو این کے مختلف اداروں کے اقدامات کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے بلوچستان پہلا صوبہ ہے جہاں نیوٹریشن سے متعلق امور کو نبھانے کے لیے نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ قائم کیا گیا ہے جبکہ موجودہ صوبائی حکومت نے نیوٹریشن سے متعلق جاری اقدامات کا دائرہ کار سات اضلاع سے بڑھا کر 22 اضلاع تک کردیا ہے صوبے می

ملکی سطح پر صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے

زراعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے سے ہی خوراک کی قلت پر قابو پایا جاسکتا ہے

علاج معالجہ کے ساتھ ساتھ حفاظتی تدابیر پر بھی اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھی جائے۔ امان اللہ یاسین زئی

کوئٹہ (ن ح) گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان کے دور دراز خصوصاً پسماندہ علاقوں میں خوراک اور غذائیت کے حوالے سے بھرپور عوامی مہم چلانے پر بھرپور توجہ مرکوز رکھی جائے اس ضمن میں عوام کو فوڈ سیکورٹی فراہم کرنے، عورتوں کی شرح اموات میں کمی لانے اور زچہ و بچہ کی صحت کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی اقدامات کے علاوہ ملکی اور بین الاقوامی اداروں کے تعاون کی بھی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات یو این ڈبلیو ایف پی (UNWFP) کے کنٹری ڈائریکٹر کریسٹوفر ڈینس سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر یاسین زئی نے کہا کہ زراعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے سے ہی خوراک کی قلت پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

وائس چانسلر بیلوٹر احمد فاروق بازئی بیلوٹر میں ڈیپارٹمنٹل آڈٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عید میلاد النبی ﷺ شایان شان طریقے سے منانا اہل ایمان کا طریقہ ہے' علامہ داد محمد فریادی

ماہ ربیع النور میں فرقہ واریت کو پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے

عید میلاد النبی ﷺ کے جلوسوں کی فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کیلئے علمائے اہلسنت سے مشاورت کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ علامہ داد محمد فریادی نے میلاد مصطفیٰ ﷺ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ شایان شان طریقے سے منانا اہل ایمان کا طریقہ ہے ماہ ربیع النور میں فرقہ واریت کو پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے عید میلاد النبی ﷺ منانا ہر مسلمان کا بنیادی حق ہے اور اس بنیادی حق سے کسی کو بھی محروم نہیں رکھا جاسکتا عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے کار موٹر سائیکل

بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

سی ٹی ایس پی کے شارٹ لسٹ امیدواروں کا بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پریس کلب کے باہر احتجاجی کیمپ قائم کرنے والے سی ٹی ایس پی کے شارٹ لسٹ امیدواروں نے رحمت اللہ یاسین زئی کی قیادت میں بلوچستان اسمبلی کے باہر دھرنا دیا کسی بھی حکومتی رکن کا مظاہرین کو

بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پی ڈی ایم کا جلسہ عام نئی تاریخ رقم کرے گی' بلوچ

ملک میں جہاں فیصلوں کا مرکز غیر منتخب ادارے ہیں وہیں دوسری طرف عوام پر مہنگائی عذاب بن کر ٹوٹ رہی ہے

ٹیکسز کی بھرمار، تنخواہوں میں عدم اضافے اور معاشی سرگرمیوں میں واضح کمی نے رہی سہی کسر پوری کردی' رکن صوبائی اسمبلی

واحد بزدین (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی ثناء اللہ بلوچ کا کہنا ہے جمہوریت کی بقاء اور فروغ کے لیے بلوچستان نے ہر اول دستے کا کردار ادا کیا ہے ان کا کہنا تھا کہ 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں پی ڈی ایم کا جلسہ عام نئی تاریخ رقم کرے گی ان خیالات کا اظہار انہوں بیرون ملک سے بی این پی چاغی کے سابق ضلعی جنرل سیکرٹری محمد بخش بلوچ سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کیا جس کے دوران پارٹی کے امور پر بھی تبادلہ خیال

بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مرکزی چیئرمین دومز قومی اتحاد قاسم دومز بی ایم سی ہسپتال میں منیر احمد کی عیادت کر رہے ہیں

حکومت فرقہ واریت پھیلانے والے عناصر کی پشت پناہی سے باز آجائے' مولانا مفتی محمد سعید

حکومت فرقہ واریت پھیلا کر اپنے ناکامیاں چھپانے اور اپنے اقتدار کو طول دینے کی ناکام کوششیں کر رہا ہے

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام اوتھل کے مجلس عاملہ و آئمہ مساجد کا اجلاس ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں زیر صدارت ہے یو آئی اوتھل کے امیر مولانا مفتی محمد سعید کے منعقد ہوا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہے یو آئی اوتھل کے امیر مفتی محمد سعید، نائب امیر مولانا عبدالرزق کنگو جنرل سیکرٹری امام بخش شاہوک، مولانا مفتی محمد یوسف ودیگر نے کہا کے انہوں نے کہا کہ 25 اکتوبر کو کوئٹہ اور 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والا جلسہ جمہوریت مخالف قوتوں کی تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگی لاکھوں کفن پوش کارکن شرکت کرکے یہ ثابت

بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

امن وامان سمیت عوام کی جان ومال کی تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں' اے سی اقبال کھوسہ

گرانفروشی اور ذخیرہ اندوزی کے ساتھ ساتھ صفائی کی صورتحال کے حوالے سے ہفتہ وار معائنہ کیا جائے گا

منگچر (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر منگچر محمد اقبال کھوسہ نے کہا ہے کہ علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے اور قانون کی عملداری کے لیے انتظامیہ اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے عوام کی تعاون سے ہی یہ ممکن ہوگی گرانفروشی اور ناجائز منافع خوری کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگچر پریس کلب کی وفد سے ملاقات کرتے کے دوران کیا وفد چیرمین میر جاوید اقبال لانگو کی قیادت میں ملاقات کی اس موقع پر صدر منگچر پریس کلب تختیار قادری نائب صدر مقبول گل محمد شیخی، منیجر رسالدار یوبز فقات علی اکبر مینگل، تحصیلدار نثار احمد لانگو، نائب تحصیلدار حاجی محمد عارف

بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

پیر منظور صابری کی سالانہ عرس مبارک میں بھرپور شرکت کریں' پیر جمیل حیدر صابری

گنداخہ (نامہ نگار) انجمن صابرین سندھ بلوچستان کا اہم اجلاس زیر صدارت انجمن صابرین پاکستان کے صدر میر عبدالوہاب جمالی کے لاڑکانہ میں منعقد ہوا اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد مرحوم پیر منظور صابری کی انتقال پر ان کی روح کو ایصال ثواب پہنچانے کے لیے دعا کیا گیا اس موقع پر میر عبدالوہاب جمالی نے کہا کہ مرشد پیر جمیل حیدر صابری نے تمام

بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ایچ ڈی پی صبح وشام کے اوقات میں کوئٹہ شہر میں گیس کی مکمل بندش پر شدید غم وغصے کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں گیس پریشر میں بدترین کمی اور صبح و شام کے اوقات میں کوئٹہ شہر میں گیس کی مکمل بندش پر شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ سوئی گیس کے عوام دشمن رویے وکارکردگی کو عوام اور صوبے کے سرد اضلاع کے صارفین کیلئے ناقابل قبول عمل قرار دیا بیان میں کہا گیا کہ ہر سال

بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اسٹیٹ یوتھ پارلیمنٹ بی کی جانب سے اسٹیٹ یوتھ پارلیمنٹ کے ضلعی دفتر بی میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

بی (نامہ نگار) اسٹیٹ یوتھ پارلیمنٹ بی کی جانب سے اسٹیٹ یوتھ پارلیمنٹ کے ضلعی دفتر بی میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت صوبائی صدر بلوچستان حافظ ایف سی محمد فیاض سومرو نے کی۔ اجلاس میں ڈویژن بی

بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

نان بائیان کو فوری طور پر 30 روپے روٹی کا ریٹ دیا جائے' محمد نعیم خلجی اور دیگر

بصورت دیگر 22 اکتوبر سے بلوچستان بھر میں آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن ہڑتال کا اعلان کرتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد نعیم خان خلجی اور صدر حاجی رضا محمد خلجی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ نان بائیان کو فوری طور پر 30 روپے روٹی کا ریٹ دیا جائے بصورت دیگر 22 اکتوبر سے بلوچستان بھر میں آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن ہڑتال کا اعلان کرتی ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی آسمان سے باتیں کررہی ہے اور بلوچستان میں 100 گلوگرام آٹے کی بوری 7 ہزار روپے

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پشین انتظامیہ روڈ کو ون وے کرنے کا فیصلہ فوری واپس لے، انجمن تاجران بلوچستان

اگر انتظامیہ نے پشین کے عوام کے مرضی کے خلاف عمل درآمد کرانے کی کوشش کی تو اس کے سب مل کر بھرپور مزاحمت کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ سے منسلک انجمن تاجران پشین کے زیر اہتمام کل پشین میں پشین کے مین بازار کی ون وے کی پوزیشن کی جبری تبدیلی کے خلاف انجمن تاجران پشین انجمن تاجران دکانداران پشین سیاسی پارٹیوں پشین قومی جرگہ کے ممبران اور پشین کے سینئر تاجر رہنماؤں پر مشتمل جرگہ میں دو قراردادیں پاس کی گئیں جس میں پشین انتظامیہ سے

بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی احتجاجی تحریک شروع ہوچکی ہے' سردار سربلند جوگیزئی

نااہل اور سلیکٹڈ حکمران جتنی گرفتاریاں کریں گے تحریک میں اتنی ہی تیزی آئے گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ ملک کو اندھیروں اور غریبوں کو مہنگائی، بے روزگاری کی دلدل میں دھکیلنے والا "علی بابا اور چالیس چوروں" کا نااہل اور سلیکٹڈ ٹولہ اچھی طرح عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکا ہے، وفاقی وصوبائی وزراء اور کرایے کے ترجمان اپنی ناکریاں بچانے کیلئے پی ڈی ایم کے خلاف نام نہاد بیانات دے رہے ہیں، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے کوئٹہ میں

بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے رواں اجلاس کیلئے پینل آف چیئرمین کا اعلان کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے رواں اجلاس کیلئے پینل آف چیئرمین کا اعلان کردیا گیا اپوزیشن لیڈر میر عبدالقدوس بزنجو نے منگل کو اسمبلی اجلاس کے دوران اسمبلی کے رواں سیشن کیلئے میر نصیب اللہ مری، قادر علی نائل، ایلہ ترین اور حمل گشکوری کو اسمبلی پینل آف چیئرپرسن کیلئے نامزد کیا۔

نوشکی شہر کے متعدد علاقوں گزشتہ دس دنوں سے پینے کا پانی غائب، پانی کا بحران سنگین ہوگیا

پی ایچ ای حکام کی غفلت سے علاقہ کربلا کا مشترکہ پیش کرنے لگا، اہل نوشکی کا ڈپٹی کمشنر نوشکی سے پانی کی فوری بحال کرنے کی اپیل

نوشکی (این این آئی) نوشکی شہر کے متعدد علاقوں گزشتہ دس دنوں سے پینے کا پانی غائب، پانی کا بحران سنگین ہوگیا۔ پی ایچ ای حکام کی غفلت سے علاقہ کربلا کا مشترکہ پیش کرنے لگا۔ اہل نوشکی کا ڈپٹی کمشنر نوشکی سے پانی کی فوری بحال کرنے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق واپڈا نے

بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

ملک میں جاری بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کا بیڑا غرق کیا ہے' رحیم کاکڑ

سفید پوش اور مڈل کلاس کے لوگوں کا جینا حرام ہوچکا ہے ملک میں افراتفری کا عالم ہے

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمان، جنرل سیکرٹری کوئٹہ جاوید اقبال، آغا عمر شاہ، میر دانش کاکڑ ایڈووکیٹ، طارق بٹ ایڈووکیٹ، ارباب اقبال، ذاکر منگلوٹی، صادق آغا، غلام آغا غلجی، شفو

بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

لورالائی کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ چیف سیکرٹری فضیل اصغر سے ویڈیو لنک کانفرنس کر رہے ہیں

پارٹی صوبائی صدر وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں روز بروز فعال ہورہی ہے' سردار جیب کاکڑ

پارٹی نے میری اور ساتھی کی ممبر شپ معطل کردی' عدالت نے مجھے بحیثیت صوبائی صدر دوبارہ بحال کردیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی سٹوڈنٹس فیڈریشن کے رہنماء سردار جیب کاکڑ نے کہا ہے کہ پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری نے غیر آئینی اور غیر سیاسی اقدامات اٹھاتے ہوئے میری اور ساتھی کی ممبر شپ معطل کردی جس کے خلاف عدالت سے رجوع کیا اور عدالت نے مجھے بحیثیت صوبائی صدر دوبارہ بحال کردیا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پارٹی صوبائی صدر وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں روز بروز فعال ہورہی ہے پارٹی

بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

لاشاری قوم کے بغیر بلوچ قوم کی تاریخ ادھوری ہے، سردار جلال خان لاشاری

انشاء اللہ آنے والا دور ہمارا ہے ہم کسی سے پیچھے نہیں ہیں' چیف آف لاشار

محمل کلمی (این این آئی) چیف آف لاشار سردار جلال خان لاشاری نے ماچاب کے علاقے کوٹ چھمد میں 47 ویں جشن لاشار کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لاشاری قوم کے بغیر بلوچ قوم کی تاریخ ادھوری ہے انھوں نے کہا ہماری تاریخ ہے ہم نے بلوچ قوم کی سربراہی کی ہے اور بلوچ قوم کو متحد کرنے کا بیڑا اٹھایا اٹھایا ہے اس وجہ سے دشمنوں کی نظریں ہم پر ہیں ہماری اوپن پالیسی ہے جیو اور جینے دو۔

صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی صحتیابی کیلئے دعا کی جارہی ہیں

موجودہ حکومت اپنے ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ناکام ہوچکا ہے، حاجی عبدالحئی مینگل

نوشکی (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی معاون سالار ایڈووکیٹ حاجی عبدالحئی مینگل نے میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم کا قائد جمعیت

بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

پاک فوج نے ملکی سالمیت اور بقا کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا ہے' عبدالقدوس میروانی

یہ ملک بڑی قربانیوں کے ساتھ ہمیں نصیب ہوا ہے آج ملک کے سرحدیں محفوظ ہیں' ریلی سے خطاب

خاران (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے زیر اہتمام واشک میں پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی اور صوبائی حکومت کے حمایت میں عظیم الشان ریلی نکالی گئی ریلی باپ پارٹی کے دفتر سے ہوتا ہوا واشک بازار چوک میں جلسہ کی شکل اختیار کرگئی ریلی کے قیادت باپ پارٹی کے ضلعی صدر میر حاجی عبدالقدوس میروانی نے کیا۔ بازار چوک میں منعقدہ ریلی کے جلوس سے بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی

بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

حکومت میں موجود کچھ مافیاں عناصر نے عوام کو ٹیکس کی نئی چکی میں پیسنا شروع کردیا ہے

غریب عوام پر روزمرہ ضرورت کی چیزیں مہنگی کرنے کی بجائے رحم کرکے ٹیکسوں کو ختم کئے جائیں

چمن (آن لائن) حکومت میں موجود کچھ مافیاں عناصر نے عوام کو ٹیکس کی نئی چکی میں پیسنا شروع کردیا ہے غریب عوام پر روزمرہ ضرورت کی چیزیں مہنگی کرنے کی بجائے رحم کرکے ٹیکسوں کو ختم کئے جائیں تفصیلات کے مطابق چمن کے عوامی حلقوں نے کہا کہ ملکی سطح پر کوئی خاطر خواہ اقدامات نہ اٹھانا ملک کے عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں حکومت نے تبدیلی کے جو دعوے کئے تھے دوہرے کے دھرے رہ گئے۔

نصیر آباد بھاگ بی پولیس اور سی آئی اے کی مشترکہ کاروائی

سندھ بلوچستان چوری ڈکیتی بین الصوبائی گروہوں کے سرغنہ سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرلیا

تمبو (آن لائن) نصیر آباد بھاگ بی پولیس اور سی آئی اے کی مشترکہ کاروائی سندھ بلوچستان چوری ڈکیتی بین الصوبائی گروہوں کے سرغنہ سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرلیا چھینا گیا موٹر سائیکل اور دو موبائل برآمد ملزمان سے مزید انکشافات و برآمدگیوں کی توقع ایس ڈی پی او سرکل ڈیرہ مراد جمالی ملک عبدالغفار سیلاچی کی میڈیا نمائندوں کو تفصیلی بریفنگ پر بریفنگ میں سی آئی اے نصیر آباد انچارج

بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

جناح روڈ کی حالت زار پر فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور روڈ کو تعمیر کیا جائے

روڈ کی وجہ سے آلودگی زیادہ ہورہی ہے دوکاندار اور شہریوں کا مطالبہ

اوستہ محمد (آن لائن) جناح روڈ کی حالت زار پر فوری طور پر نوٹس لیا جائے اور روڈ کو تعمیر کیا جائے روڈ کی وجہ سے آلودگی زیادہ ہورہی ہے دوکاندار اور شہریوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ فیروز بائی پاس سے لیکر نور پور تک جناح روڈ کی حالت انتہائی خراب ہے یہاں سے گزرنے والی گاڑیوں کی دھول اور مٹی کھانے پینے کی چیزوں پر پڑتی ہیں ان چیزوں کو کھانے سے ہیپاٹائٹس سی اور بی سمیت دیگر بیماریاں پھیل رہی ہیں۔

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے بیرسٹر سلمان آفریدی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

شہروں اور دیہی علاقوں میں عوام کے وسیع تر مفاد میں بہتر سے بہتر اقدامات کیے جائیں' عابد سلیم قریشی

حکومت عوام کے مسائل حل کرنے اور ان کی معیار زندگی بہتر بنانے کے لئے اقدامات کو یقینی بنا رہی ہے

نصیر آباد (ن ح) کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ کے آفیسران کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر اعجاز احمد جعفر ڈویژنل ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ غلام سرور، چیف آفیسر ڈپٹی ڈائریکٹر اعجاز احمد گیلانی کمشنر کے فوکل پرسن امداد علی ابڑو ڈویژن بھر سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ۔ ڈویلپمنٹ آفیسران اور یوسی سیکریٹریز نے شرکت کی اس موقع پر ڈویژنل

بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

اللہ پاک جام کمال خان کو کورونا وائرس سے جلد صحتیاب کرے، غلام سرور جمعہ رو نجھو

اوتھل (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر ان کی صحتیابی کے لئے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں انجمن زمینداران لسبیلہ کی جانب سے دعائیہ تقریب منعقد کی گئی جس میں وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

پاکستان کی بقا اور سلامتی کے لیے جہد و جہد جاری رکھیں گے' مولانا رحمت اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام حلقہ 40 پشتون آباد کے امیر مولانا عبدالمنان جنرل سیکرٹری مولانا رحمت اللہ سینئر نائب امیر مولانا ذوالی محمد نائب امیر مولانا مفتی محمد ابراہیم سیکرٹری اطلاعات مولانا عبداللہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہر محب وطن پاکستانی ملک اور اسلام کے خلاف سازشیں ناکام بنانے کے لئے جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم کو

بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

اشرافیہ بلوچستان میں عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کردیا ہے' میر مبارک خان محمد حسنی

کرونا وائرس سے متاثرہ ملکوں سے وائرس بھی یہاں منتقل ہونے کی اغلب گمان ہوتا ہے

قلات۔ منگچر (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی۔ صوبائی صدر JTIN حافظ فضل الرحمان رحمانی۔ مولانا غلام اللہ خان محمد حسنی۔ مولوی عبدالجبار چدرانی مولوی عبدالسلام جنگ مولوی منیر احمد نیچاری عبد اللہ سلانی نے کہا اشرافیہ بلوچستان میں عوام کو فاقہ کشی پر مجبور کردیا ہے بااثر افراد اپنے کمیشن کے خاطر اپنے گندم چینی دیگر اناج اور مال مویشی سستا بیچ رہے ہیں۔ کیونکہ بلوچستان میں عوام کی ذریعہ معاش مزدوری لاعوساتک اور زراعت پر ہے پورے سال بالدار۔ مزدور۔ زمیندار کسان محنت کرکے اناج پیدا کرتے ہیں۔ مگر اشرافیہ گندم۔ چینی تیار ہونے کے بعد ٹماٹر، پیاز و دیگر سبزیات تیار ہورہی ہے ایسے وقت میں گندم

بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

صوبے میں شعوری آگاہی کیلئے ایڈووکیسی پر کام کررہے ہیں' ڈاکٹر ربابہ

بلوچستان میں نیوٹریشن سے متعلق یو این کے مختلف اداروں کے اقدامات کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے

صحت کے عمومی امور سے متعلق موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان رابطہ کاری بہتر ہوئی ہے' پارلیمانی سیکرٹری صحت بلوچستان

اسلام آباد (ن ح) منسٹری آف ہیلتھ سروسز ریگولیشن اینڈ کوآرڈینیشن کے قومی اجلاس میں نیشنل نیوٹریشن سروے 2018 کے اعداد و شمار پیش کردیئے گئے ہیں جس میں وفاقی حکومت اور یونیسف نے حکومت بلوچستان کی جانب سے اٹھائے گئے پراعتماد کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ کی قابل عمل حکمت عملی کی تشکیل کے لیے تمام صوبوں، وفاقی حکومت اور یو این کے مختلف اداروں کے مابین مربوط تعاون کو جاری رکھنے پر اتفاق کا اظہار کیا ہے اسلام آباد میں نیوٹریشن سروے 2018 کی منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری صحت

بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل سے رکن صوبائی اسمبلی زابد ریکی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

نوشکی میں موٹر سائیکل چور ایک مرتبہ پھر سرگرم مقامی پروفیسر کی موٹر سائیکل دوسری مرتبہ لے اڑے

نوشکی (این این آئی) نوشکی میں موٹر سائیکل چور ایک مرتبہ پھر سرگرم مقامی پروفیسر کی موٹر سائیکل دوسری مرتبہ لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق مقامی ماہر تعلیم و کالم نگار ادیب و شاعر پروفیسر غلام دستگیر صابر گذشتہ روز مقامی مسجد میں نماز مغرب کے ادائیگی کے لئے گئے اور موٹر سائیکل

بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

انسانوں کو خوشی دے کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی جاسکتی ہے' قاسم خان دومز

بلوچستان میں کینسر کے مریضوں کی تعداد میں دن بہ دن اضافہ ہوتا جارہا ہے

کوئٹہ (پ ر) دومز قومی اتحاد کے مرکزی چیئرمین معروف قبائلی و سماجی شخصیت قاسم خان دومز نے کہا کہ بھی انسانیت کی خدمت عظیم عبادت ہے انسانوں کو خوشی دے کر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی جاسکتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی ایم سی ہسپتال کے کینسر وارڈ میں زیر علاج معروف صحافی نور احمد راہی کے علیل بھائی منیر احمد کے عیادت کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات میں سے پیدا کیا ہے اور انسانوں پر آنے والے مصائب و

بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کی عظیم کاکڑ نے نیوٹریشن آفس کا دورہ کیا

دکی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دکی عظیم کاکڑ نے نیوٹریشن آفس کا دورہ کیا۔ اسوقع پر نیوٹریشن آفیسر محمد بلال کاکڑ نے انہیں نیوٹریشن کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی ایچ او دکی ڈاکٹر نصیب اللہ لونی اور ڈی ایس ایم

بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

موجودہ سیاسی حالات بہت تیزی سے بدل رہے ہیں ہم بلوچوں کو ہوشیار رہنا ہوگا، پرنس محی الدین جان بلوچ

مرکزی سیاست میں ہمارے مفادات گم ہوجائیں گے' قائد بلوچ رابطہ اتفاق تحریک برات

قلات (این این آئی) بلوچ رابطہ اتفاق تحریک برات کے قائد پرنس محی الدین جان بلوچ نے کہا کہ موجودہ سیاسی حالات بہت تیزی سے بدل رہے ہیں ہم بلوچوں کو ہوشیار رہنا ہوگا کیونکہ مرکزی سیاست میں ہمارے مفادات گم ہوجائیں گے۔ پچھلے 75 سالوں سے پھر پچھلے 30 سالوں سے اور خاص کر گزرے ہوئے 20 سالوں سے باقی صوبے اور ان کے عوام نے بہت ترقی کی ہے صرف

بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں پہلے اسکواش ٹورنامنٹ کا آغاز آج سے ہوگا' محمد ارشد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسکواش ایسوسی ایشن کے صدر محمد ارشد نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پہلے اسکواش ٹورنامنٹ کا آغاز آج سے ہوگا جس کا مقصد یہاں کے اسکواش کے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہے، ٹورنامنٹ بلوچستان اسکواش ایسوسی ایشن پاکستان اسکواش فیڈریشن کے تعاون سے منعقد کررہی ہے۔

پی ڈی ایم کے دو جلسے دیکھ کر ہلیوں کی اوستان خفا ہوگئی ہے بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئے' میر سکندر خان ملازئی

نیشنل پارٹی کا روز اول سے واضح موقف رہا ہے کہ عوام کے ووٹ کے تقدس کا پامال نہ کیا جائے

مستونگ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنماء سابق سنی ناظم میر سکندر خان ملازئی خلیل احمد بارونزئی صالح محمد بارونزئی کھی راوے شام ودیگر نے کہا ہے کہ اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل سیاسی جماعتوں کے جمہوریت اور ووٹ کی تقدس کے بحالی کے تحریک شروع ہوتے ہی نااہل حکمران اور سلیکٹرز کی نیندیں حرام ہوگئی اور بوکھلاہٹ کا شکار ہوچکے ہیں یہ تحریک کی شروعات ہے ابھی دو جلسے منعقد ہوئے جب عوام کا سیلاب اسلام آباد کی طرف رخ کرے گا تو نہ یہ نااہل

بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

پاکستان کا ایک خودمختار معاشی طور پر مضبوط ریاست عمران خان کا وژن ہے' عبدالقیوم

ژوب (آن لائن) پاکستان امن موومنٹ کے چیئرمین عبدالقیوم مرکزی کمیٹی ممبر عبدالحق شیرانی سینئر رہنما اسفندیار درانی عزیز یار مندوخیل عثمان خان شیرانی مسعود خان شہزادہ حریال نادر خان مندوخیل امام شاہ شیرانی حضرت ولی شیرانی اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا ایک خودمختار معاشی طور پر مضبوط ریاست عمران خان کا وژن ہے وزیر اعظم عمران خان نے کامیابی حاصل کرنے کے سیاسی اجارہ داروں اور

بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

جمعیت علمائے اسلام نے ہمیشہ بلوچستان کے خوشحالی اور ترقی کے لئے اہم رول ادا کیا ہے' مولانا محمد صادق

بلوچستان کے پسماندگی کے طرف دھکیلا جارہا ہے جس کے ذمہ دار وفاقی اور صوبائی حکومتیں ہیں

25 اکتوبر کا جلسہ حکومت کے خلاف بلوچستان قوم کا ریفرنڈم ثابت ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام حلقہ 51 شیخ ماندہ مولانا عصمت اللہ شہید یونٹ کے امیر مولانا محمد صادق جنرل سیکرٹری مولانا سید الطاف شاہ حاجی صالح محمد حاجی رحمت اللہ کاکڑ مولانا محمد نبی سیکرٹری اطلاعات مولانا عبدالرحمن قاری زین الدین نے مشترکہ بیان میں کہا کہ 25 اکتوبر کو قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کا شاندار استقبال کیا جائے گا بلوچستانی قوم 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی خطاب کیلئے بیتاب ہے انہوں نے ک